OXFORD
UNIVERSITY PRESS
اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس

اُردو کا
گلدستہ
تیسرا ایڈیشن

رہنمائے اساتذہ

# چنبیلی

کے جی کے لیے

فوزیہ احسان فاروقی



بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

# تعارف

یہ رہنمائے اساتذہ اُردو کا گُلدستہ سیریز کی درسی کتاب 'چنبیلی' کے۔جی جماعت کے لیے تیار کی گئی ہے۔ مددگار کُتب اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (نظرِ ثانی شدہ ایڈیشن)، ''قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے'' (حصّہ اوّل) اور معاون کتاب ''تارے'' کا مواد بھی اس منصوبہ بندی کا حصّہ بنایا گیا ہے۔ اس کے ساتھ اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس سے شائع شدہ فلیش کارڈز کے استعمال کا طریقہ بھی شامل کیا گیا ہے۔

جماعت اوّل سے قبل پری پرائمری کی تین جماعتوں میں طلبہ و طالبات کی قبل از پڑھائی اور قبل از لکھائی (Pre-reading and pre-writing) مہارتوں پر کام کیا جاتا ہے۔خواندگی (literacy) کے بنیادی اہداف کا حصول تب ہی ممکن ہے جب طلبہ و طالبات کی مشاہدے (observation) کی صلاحیتوں کو بامعنی اور بامقصد بنایا جائے۔ ہاتھوں اور جسمانی حرکات پر قابو پانے کی مختلف مشقوں کے ساتھ ساتھ طلبہ و طالبات علامتیں، ہندسے، اشارے اور نقاط کی پہچان کرسکیں۔ کہانیوں اورنظموں کے ذریعے فہم اور ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ بھی اسی سلسلے کی اہم کڑی ہے۔

اس عمر میں طلبہ و طالبات کی سیکھنے کی صلاحیتیں اپنے عروج پر ہوتی ہیں۔ وہ بیک وقت بہت سی مہارتوں کے حصول کی کوشش کر رہے ہوتے ہیں۔ یہ کوششیں اگر منظّم اور بتدریج کی جائیں تو بہت مثبت نتائج حاصل ہوتے ہیں۔

اُمید ہے کہ اساتذہ کے لیے یہ رہنمائے اساتذہ بہت سی آسانیاں فراہم کرے گی۔ اس کا بغور مطالعہ جماعت میں طلبہ و طالبات کی پڑھنے، لکھنے، سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیتوں کی نشوونما میں بہت مددگار ہوگا۔ انشاء اللہ

# فہرست


مقاصد برائے درسی کتاب چنبیلی ........................ v
عمومی ہدایات برائے اساتذہ ........................ vii
خصوصی ہدایات برائے اساتذہ ........................ viii

**یونٹ ۱ :**

یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ........................ ۲
تختۂ نرم کی تجاویز ........................ ۳
یونٹ کا بقیہ کام ........................ ۴

**یونٹ ۲ :**

یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ........................ ۱۶
تختۂ نرم کی تجاویز ........................ ۱۷
یونٹ کا بقیہ کام ........................ ۱۸

**یونٹ ۳ :**

یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ........................ ۳۵
تختۂ نرم کی تجاویز ........................ ۳۶
یونٹ کا بقیہ کام ........................ ۳۷

**یونٹ ۴ :**

یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ........................ ۵۰
تختۂ نرم کی تجاویز ........................ ۵۱
یونٹ کا بقیہ کام ........................ ۵۲

**یونٹ ۵ :**

یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ........................ ۶۷
تختۂ نرم کی تجاویز ........................ ۶۸
یونٹ کا بقیہ کام ........................ ۶۹

**یونٹ ۶ :**

یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ........................ ۸۵
تختۂ نرم کی تجاویز ........................ ۸۶
یونٹ کا بقیہ کام ........................ ۸۷
گتّے کے تراشوں کے خاکے اور ورک کارڈز ........................ ۱۰۴
طلبہ و طالبات کے کام کے نمونے ........................ ۱۱۰

# مقاصد برائے درسی کتاب چنبیلی

## سُننا

- غور سے سُن سکیں۔ جوابات کے ذریعے اظہار کر سکیں۔
- نئے الفاظ سُن کر مطالب و معانی سمجھ سکیں۔ (واقعات کی ترتیب، حروفِ تہجّی کی آوازیں، بصری طریقے سے سکھائے جانے والے الفاظ، نظمیں، کہانیاں، ہدایات)
- سُن کر سمجھ سکیں اور پہچان سکیں۔

## بولنا

- سُنے ہوئے الفاظ، نظمیں، کہانیاں، واقعات اور ہدایات دُہرا سکیں۔
- کسی بھی چیز، منظر، واقعہ، کردار کے بارے میں چند الفاظ یا جملے بول سکیں۔
- حروف کی دُرست آوازوں کی ادائیگی کر سکیں۔
- سکھائے گئے الفاظ دُرست تلفظ سے دُہرا سکیں۔

## پڑھنا

- شروع، آخر اور درمیانی آواز کی پہچان کر سکیں۔
- حروفِ تہجّی پہچان کر پڑھ سکیں۔
- بصری طریقے سے سکھائے جانے والے الفاظ بغیر ہجّے کیے دیکھ کر پڑھ سکیں۔
- مصوّتوں کی پہچان کر سکیں اور ان کی آوازوں کی دُرست ادائیگی کر سکیں۔
- بنیادی مصوّتوں پر مبنی دو، تین اور چار حرفی الفاظ پڑھ سکیں۔
- بنیادی مصوّتوں اور بصری طریقے سے سکھائے گئے الفاظ پر مبنی جملے پڑھ سکیں۔

## لکھنا

- خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- عمودی، ترچھی، اُفقی، دائیں سے بائیں اور بائیں سے دائیں لکیریں بنا سکیں۔
- دائرہ بنا سکیں۔
- نمونہ لکھائی اور کھوکھلے حروف (Hollow letters) میں دُرست سمت میں لکھ سکیں۔
- حروفِ تہجّی دُرست بناوٹ سے لکھ سکیں۔
- حروفِ تہجّی ترتیب وار لکھ سکیں۔

- تمام بنیادی مصوّتوں 'ا ، و ، ی ، ے' کے ساتھ دو حرفی اور چار حرفی الفاظ لکھ سکیں۔
- سکھائے گئے الفاظ پر مبنی جملے لکھ سکیں۔

## مشاہدہ

- ماحول ، اشیا اور تصاویر کو بغور دیکھ کر کیے گئے سوالات کے جواب دے سکیں۔
- تصویروں کو دیکھ کر اپنے تاثرات کا اظہار کر سکیں۔
- تصویریں/ خاکے بغور دیکھ کر دی گئی سرگرمیاں کر سکیں۔

## تخلیقی لکھائی

- دیے گئے الفاظ کی مدد سے جملے بنا سکیں۔

## تجویز کردہ معاون کُتب


- قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل
- خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس
- معاون کتاب 'تارے'

## عمومی ہدایات برائے اساتذہ

- استعمال کی جانے والی کُتب کا پہلے خود اچھی طرح جائزہ لیجیے۔
- کُتب میں دی گئی ہدایات برائے اساتذہ بغور پڑھیے۔
- مددگار مواد، مثلاً تراشے (کٹ آؤٹس) کھلونے، حقیقی اشیا، ورک شیٹس، کاپی کا کام پہلے سے تیار رکھیے۔
- بچّوں کو اپنے آپ سے مانوس کرنے کے لیے مختلف حکمتِ عملیاں اختیار کیجیے۔ اُنگلیوں پر پتلیاں یا کوئی کھلونے کا جانور ہاتھ میں پکڑ کر بچّوں کو خوش آمدید کہیے۔ السّلامُ علیکم، مصافحہ کرنا بھی بچّوں کو آپ سے مانوس کر دے گا۔
- جماعت شروع کرتے وقت گزشتہ کاموں کا اعادہ کروائیے۔
- طلبہ و طالبات کی حوصلہ افزائی کرتے رہیے۔
- یاد رکھیے کہ پڑھنے کے اہداف، لکھنے کے اہداف کے مقابلے میں بہت بلند ہوتے ہیں، اس لیے پڑھائی کے لیے فلیش کارڈز (صوتی اور بصری) حروفِ تہجّی کے اعادے کے دوران بھی دکھاتے رہیے۔
- کام کی نوعیت، طلبہ و طالبات کے سیکھنے کی صلاحیت اور رفتار کے پیشِ نظر منصوبہ بندی میں کمی یا زیادتی کی جا سکتی ہے۔
- کتاب کے صفحے کو بغور دیکھنے کا موقع دیتے ہوئے اس کے بارے میں گفتگو ضرور کیجیے۔
- ہر صفحے کے زیریں حاشیے (footnotes) میں دی گئی ہدایات ضرور پڑھیے اور انھیں اپنی تدریس میں مدِّنظر رکھیے۔
- کام شروع کرنے سے قبل طلبہ و طالبات کو خود icon دیکھ کر ہدایت پہچاننے کی کوشش کرنے کی ترغیب دیجیے اور حوصلہ افزائی کیجیے۔
- کُتب کے آخر میں دی گئی فرہنگ کا استعمال کرتے ہوئے فلیش کارڈز، اِملا اور بہت سی سرگرمیاں کروائیے۔
- تصویری کہانیاں ہدایات برائے اساتذہ سے پڑھ کر اچھی طرح کروائیے۔
- کوئی نیا نظریہ مثلاً 'ا' کے ساتھ ملانے کا کام کتاب میں کروانے سے ایک سے ڈیڑھ ہفتہ قبل تختۂ تحریر اور فلیش کارڈز کے ذریعے متعارف کروا دیجیے۔ اس طرح کتاب میں کام کرنا طلبہ و طالبات کے لیے آسان ہوجاتا ہے۔

## کتاب میں کام کرنا


کتاب کے صفحے کو بغور دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔ صفحے پر موجود تصاویر اور کاموں کے بارے میں گفتگو اور وضاحت کیجیے۔




- ان علامات (icons) کے فلیش کارڈز بنا کر روزانہ دکھائیے اور پڑھ کر بتائیے تاکہ بچّے ہدایات پہچاننا شروع کرسکیں۔
- کام شروع کروانے سے قبل بورڈ پر صفحہ ہُو بہو بنائیے۔ صفحے کی بڑی فوٹو کاپی استعمال کی جا سکتی ہے۔
- صفحے پر موجود کام درست بناوٹ سے بورڈ پر لکھ کر دکھائیے۔ طلبہ و طالبات کو ہدایت دیجیے کہ وہ ہاتھ اُٹھا کر ہوا میں آپ کی طرح لکھیں۔

- مصوّتے کے ساتھ حروف ملانے کی کہانی ہدایات برائے اساتذہ سے سنائیے۔

شروع کے نقطے اور تیر کے نشان کی یاد دہانی اور پہچان کروائیے۔ تیر کے نشان کی سمت میں لکھنا سکھائیے۔




دیا گیا کام سمجھا کر کاپی میں مشق کروائیے۔

سرگرمی: صفحے میں دی گئی سرگرمیوں کا کام تختۂ لکھائی پر ایک مثال دے کر سمجھائیے۔

## خصوصی ہدایات برائے اساتذہ

چنبیلی کے آخر میں دی گئی یہ فرہنگ معلّمین کو اپنی توجّہ مرکوز کرنے اور منصوبۂ سبق کے لیے تیاری کرنے میں مدد دے گی۔ اس کے نیچے دی گئی ہدایات کو غور سے پڑھنا بصری اور صوتی طریقۂ کار کو سمجھنے میں مددگار ہوگا۔

# فرہنگ

### بصری طریقے سے سکھائے جانے والے الفاظ

| اعادہ ’کلیاں‘ اور ’گُلاب‘ کا ذخیرۂ الفاظ | | | نیا ذخیرۂ الفاظ | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کلیاں | گُلاب | | پڑھائی | | | لکھائی |
| علی | لال | بولی | اللہ | پیاری | کھیلو | یہ |
| زارا | دیکھو | بولا | میرے | ہرا | کرو | وہ |
| مانو | ہے | اللہ حافظ | پیارے | بلّی | چلو | ہے |
| امّی | بھالُو | پیلا | ایک | نرم | اپنی | ہیں |
| نہیں | کیا | کون | تین | پسند | ہری | میں |
| یہ | طوطا | کہاں | میری | اس | پیلی | ہوں |
| السّلامُ علیکم | نیلا | ہیں | ہوں | کے | بتّی | گڑیا |
| وعلیکمُ السّلام | آؤ | مانو | رہو | باہر | پانچ | امّی |
| لو | کھانا | مجھے | رہتے | اچھّے | چُوہا | ابّو |
| شکریہ | کھاؤ | چاہیے | میرا | موسم | نیچے | میرا |
| ابّو | بطخ | کتاب | پاکستان | سائیکل | اوپر | میری |
| وہ | قَیں قَیں | گیند | گھر | سی | آگے | ہرا |
| | مُرغا | کی | میں | سے | پیچھے | تین |
| | ککڑوں کُوں | گڑیا | اور | پنسل | اندر | پانچ |
| | بکری | کھیلیں | عبداللہ | بستہ | بازار | بازار |
| | مَیں مَیں | نے | گاؤں | رکھو | | |
| | گائے | کہا | کرتی | کریں | | |
| | مُومُو | شان | پیارا | | | |

ان الفاظ کے فلیش کارڈز کی روزانہ پانچ سے دس منٹ پڑھائی کرائیے۔ ایک وقت میں پانچ سے سات کی تعداد میں فلیش کارڈز دکھائیے۔ فلیش کارڈز کا سائز "8 x "5 رکھیے جن پر بڑے، واضح اور درست بناوٹ سے الفاظ لکھیے یا کمپیوٹر سے پرنٹ آؤٹ نکال لیجیے۔ ذخیرۂ الفاظ سے متعلق کتاب کا صفحہ پڑھانے سے کم از کم ایک ہفتہ قبل الفاظ کی فلیش کارڈز سے پڑھائی بچّوں کو کتاب میں موجود ان الفاظ پر مبنی عبارات نظمیں اور کہانیاں خود پڑھنے کا اعتماد بخشے گی۔

### صوتی طریقے سے سکھائے جانے والے الفاظ

| ا | | | و | | | ی | | ے | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دوحرفی | چارحرفی | تین حرفی | دوحرفی | چارحرفی | تین حرفی | دوحرفی | چارحرفی | دوحرفی | چارحرفی |
| با سا | بابا گاتا | بات چار | بو سو | بولو موڑو | جوڑ | بی سی | ا ی | بے سے | ا ے |
| پا شا | دادا لاتا | پاس بار | پو شو | سوچو توڑو | سوچ | پی شی | چابی باری | پے شے | تارے جالے |
| تا صا | باجا جاتا | ناک جان | تو صو | ٹوکو تولو | روک | تی صی | پانی گاڑی | تے صے | باجے ہارے |
| ٹا ضا | سارا مانا | کام ہار | ٹو ضو | جوڑو روکو | گول | ٹی ضی | تالی باجی | ٹے ضے | سارے |
| ثا طا | کاٹا مالا | نان حال | ثو طو | ا و | چور | ثی طی | تازی ٹافی | ثے طے | تالے |
| جا ظا | گانا جالا | سال شال | جو ظو | بانو کاٹو | روز | جی ظی | جالی دادی | جے ظے | دانے |
| چا عا | تالا چاچا | لال رات | چو عو | جاگو چاہو | نوٹ | چی عی | مالی نانی | چے عے | جاتے |
| حا غا | زارا | جاگ بال | حو غو | ڈالو پالو | شور | حی غی | کالی | حے غے | و ے |
| خا فا | کالا | پاک چاٹ | خو فو | و ا | مور | خی فی | و ی | خے فے | روتے بولے |
| دا قا | لانا | تار تاج | دو قو | تولا بولا | تول | دی قی | موتی موچی | دے قے | کونے |
| ڈا کا | نانا | دال باغ | ڈو کو | روتا | زور | ڈی کی | ٹوپی بوٹی | ڈے کے | لوہے |
| ذا گا | چاٹا | چال غار | ذو گو | سوچا | چوٹ | ذی گی | بوری پوتی | ذے گے | موزے |
| را لا | جانا | شام | رو لو | سوتا | کوٹ | ری لی | روٹی | رے لے | طوطے |
| ڑا ما | چارا | صاف | ڑو مو | طوطا | نوک | ڑی می | کوٹی | ڑے مے | جوڑے |
| زا نا | تارا | مان | زو نو | ہوتا | ڈور | زی نی | سوتی | زے نے | روکے |
| ژا ہا | مارا | کار | ژو ہو | جوڑا | ڈول | ژی ہی | روتی | ژے ہے | سوتے |


مرکّب حروفِ تہجّی مثلاً بھ ، پھ ، تھ ..... اور ’ی‘ اور ’ے‘ کے تین حرفی الفاظ (عِید) (تیل) اس سے اگلے درجے یعنی جماعت اوّل کی کتاب ’موتیا‘ میں سکھائے گئے ہیں۔


ان تمام الفاظ کے علاوہ اسی نوعیت کے مزید الفاظ حروف ملانے اور الگ کرنے کی مشقوں میں بھی متعارف کرائے گئے ہیں۔ معلّمین بھی یہ ہی طریقۂ کار اختیار کرتے ہوئے انھی آوازوں پر مبنی الفاظ کی عمدگی سے مشق کرائیں۔ یاد رکھیے کہ یہاں ’و‘ کی آواز انگریزی کے ’O‘ جیسی ہے یہاں ’ وُ ‘ جیسے ’چُوہا‘ جیسے الفاظ شامل نہ کیجیے۔ اسی طرح ’وَ‘ جیسے ’پَودا‘ جیسے الفاظ بھی شامل نہیں ہوں گے۔


OXFORD
UNIVERSITY PRESS

## خصوصی ہدایات برائے اساتذہ

ہر یونٹ کے آخر میں دی گئی 'جانچ' آپ کو طلبہ و طالبات کے معیار کو جاننے اور اپنے پاس نوٹ کرکے کمزور طلبہ و طالبات پر مزید محنت کرنے میں مدد دے گی۔




## تجویز کردہ معاون کُتب

### پڑھیے اور سیکھیے (حصّہ اوّل)



و

| | | | |
|---|---|---|---|
| د+و دو | ڈ+و ڈو | ذ+و ذو | |
| ر+و رو | ڑ+و ڑو | ز+و زو | ژ+و ژو |
| س+و سو | ش+و شو | ص+و صو | ض+و ضو |
| ط+و طو | ظ+و ظو | ع+و عو | غ+و غو |
| ف+و فو | ق+و قو | ک+و کو | گ+و گو |
| ل+و لو | م+و مو | ن+و نو | ہ+و ہو |

راجا کو دو نان اور ساگ دو۔ | زارا کو دو ہار دو۔


راجا یہ دو نان لو اور یہ ساگ لو۔ | زارا لو یہ دو ہار لو۔

- اس قاعدے میں حروفِ تہجّی کی پہچان کے لیے صرف الف سے انار سکھانے کے بجائے بہت سے الفاظ ایک منظر میں سمو دیے گئے ہیں اس طرح بچّے ایک حرف سے شروع ہونے والا بہت سا ذخیرۂ الفاظ سیکھ لیتے ہیں۔ حروفِ تہجّی کی پہچان کے بعد چاروں مصوّتوں کے دو حرفی ، چار حرفی اور تین حرفی الفاظ نیز بصری ذخیرۂ الفاظ بھی سکھایا گیا ہے۔ ہر مصوّتے کے تعارف کے بعد مزید مشق کے لیے اس قاعدے سے پڑھائی بہت مفید ثابت ہوتی ہے اور طلبہ و طالبات جلد عبارات پڑھنے پر قادر ہو جاتے ہیں۔

## تجویز کردہ معاون کُتب

# اُردو خوش خطی سلسلہ (حصّہ دوم)









- Icons کی طرف توجہ دلا کر ہدایت پڑھ کر بتایئے اور سمجھایئے۔
- دیے گئے خاکوں میں اچھی طرح اندر کی طرف لکھنے کی مشق سے بچّوں کی ہاتھوں کی حرکت پر قابو پانے کی مشق ہوتی ہے۔
- شروع کے نقطے کی طرف توجہ دلا کر اس پر پنسل رکھوا کر کام شروع کروایئے۔
- تیر کی سمت کی بار بار وضاحت کر کے کام کروایئے۔
- دیا گیا مقصد معلّمین / والدین کے لیے ہے۔

# معاون کتاب ’تارے‘




صوتی ذخیرۂ الفاظ

بصری ذخیرۂ الفاظ

- چنبیلی کی طرح ’تارے‘ میں پڑھنا سکھانے کے لیے بصری اور صوتی طریقۂ کار سے مدد لی گئی ہے۔ کچھ کہانیاں اور نظمیں صوتی طریقے پر مبنی اور کچھ بصری طریقے پر مبنی ہیں مثلاً نظم ’زارا کی مالا‘ طلبہ و طالبات کو الف کے چار حرفی الفاظ کی مزید مشق دلچسپ انداز میں کروائے گی۔

# تعارف

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں کہ

- اپنا نام اور پسند بتا سکیں۔
- معلّم کے بارے میں جان سکیں اور اس سے مانوس ہوسکیں۔
- جماعت اور اس میں موجود چیزوں کا مشاہدہ کرسکیں۔
- شروع کی آوازوں اور آخر کی آوازوں کا اعادہ کرسکیں۔
- پچھلے درجے کی درسی کتاب 'گلاب' کے ذخیرۂ الفاظ اور تمام حروفِ تہجّی کا اعادہ کرسکیں۔
- حمد کے ذخیرۂ الفاظ سے متعارف ہوکر بصری پڑھائی کرسکیں۔
- تمام کُتب سے متعارف ہوسکیں۔

[چنبیلی، قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل ، خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس ، معاون کتاب 'تارے']

## مددگار مواد

- 'حمد' کے نئے الفاظ کے فلیش کارڈز
- جماعت میں موجود اشیا ، تمام استعمال کی جانے والی کتابیں
- درسی کتاب 'گلاب' (برائے نرسری) اور تمام حروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز

## طریقۂ کار


- نئی جماعت اور نئے بچّوں سے انسیت اور تعلق پیدا کرنے کے لیے اپنا مختصر تعارف کروایئے۔ مثلاً اپنا نام ، پسندیدہ لباس ، پسندیدہ کھانا ، پسندیدہ باتیں مثلاً بچّے ہاتھ اُٹھا کر اجازت لے کر ہی کوئی کام یا بات کریں ، آپس میں اچھی طرح اخلاق سے رہیں۔ اپنے شوق بتایئے مثلاً مجھے پڑھنے اور پڑھانے کا بہت شوق ہے۔
- اب بچّوں کو موقع دیں کہ وہ بھی اپنا نام ، پسندیدہ کھانا ، پسندیدہ کھیل اور اپنا شوق جماعت کے سامنے آ کر بتائیں۔ ہر روز چند بچّوں کو موقع دیں تاکہ دو تین دن میں سب کی باری آجائے۔ اسی طرح باتوں باتوں میں جماعت کے قوانین مثلاً باری کا انتظار ، آہستہ آواز میں گفتگو وغیرہ کی وضاحت بھی کر دیجیے۔
- تمام کُتب کا تعارف اس طرح کروایئے جس سے بچّوں میں ان کُتب کو پڑھنے کا ذوق اور شوق پیدا ہو۔ تجسّس سے 'چنبیلی' کھولیے اور کہیے کہ دیکھیں اس سے ہم کیا کیا سیکھیں گے۔
- جماعت میں موجود اشیا کی جانب توجّہ دلایئے ان کے اُردو نام پوچھیے اور بتایئے۔ ان کے ناموں کی شروع کی آوازیں پوچھیے اور بتایئے ، مثلاً دروازہ ، شروع کی آواز 'دَ'

## صوتی طریقے سے پڑھائی

- حروفِ تہجّی کے کارڈز دکھا کر اعادے کے طور پر تمام حروف کے نام اور آوازیں بتائیے اور پوچھیے مثلاً ب دکھائیے اور بتائیے کہ اس حرف کا نام ’بے‘ ہے اور آواز ہے ’بَ‘ (مختصر ترین آواز جو کسی لفظ کے آخر میں آنے پر آتی ہے مثلاً کتاب کے آخر میں آنے والی آواز ’بے‘ کی اصلی آواز ہے۔
- حروف کا ذخیرۂ الفاظ دینے کے لیے قاعدہ پڑھیے سیکھیے حصّہ اوّل صفحات ۱ سے ۳۸ تک اس ہفتے پڑھاتے رہیے۔

## بصری طریقے سے پڑھائی


- نرسری کی کتاب ’گلاب‘ اور معاون کتاب ’غبّارے‘ کے ذخیرۂ الفاظ کے کارڈز پڑھوائیے۔ بصری طریقے میں مکمل لفظ پڑھایا جاتا ہے ہجّے نہیں کی جاتی۔ بچّے مکمل لفظ تصویر کی شکل میں یاد رکھتے ہیں مزید وضاحت کے لیے چنبیلی صفحہ ۹۷ کی رہنما ہدایات برائے اساتذہ پڑھیے۔
- پچھلے درجے کا ذخیرۂ الفاظ اس پورے ہفتے میں روزانہ پانچ سے سات منٹ پڑھاتے رہنا بچّوں کو نئے الفاظ سیکھنے کے لیے تیار کرے گا۔
- ’حمد‘ کے نئے الفاظ کی بصری پڑھائی بھی شروع کروا دیجیے۔ اللہ ، میرے ، پیارے
- معاون کتاب ’تارے‘ کے الفاظ بھی پڑھائیے۔ دیے ، دیں ، پیاری ، باقی تمام الفاظ ’گلاب‘ اور ’غبارے‘ میں موجود تھے ان ہی کا اعادہ کروانے سے یہ دونوں ’حمد‘ بچّے خود پڑھنے پر قادر ہوجائیں گے۔
- کھیل کھیل میں حروفِ تہجّی کا اعادہ کروائیے۔ حروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز دکھا کر پڑھانے کے بعد بچّوں کے ہاتھوں میں دیجیے اور کہیے کہ جب میں حرف کا نام لوں تو وہ بچّہ جس کے ہاتھ میں وہ حرف ہوگا آئے گا اور اس حرف کی آواز بتائے گا۔





- کچھ بچّوں کے ہاتھوں میں حروف اور کچھ کے ہاتھوں میں تصویری کارڈ دیجیے۔ حروف کے کارڈ والے بچّے ایک طرف اور تصویری کارڈ والے بچّے دوسری طرف کھڑے ہوں۔ تالی بجانے پر یا باری باری تصویر والے بچّے حرف کے کارڈ والے بچّے کے ساتھ اور حرف والے بچّے تصویر کے ساتھ جوڑی بنا کر کھڑے ہوجائیں۔ اس طرح بچّوں میں شروع کی آواز کا نظریہ واضح کرنے میں آسانی ہوگی۔

۱۔



۲۔



- دری پر کارڈ رکھیے اور بچّے نقطے اور ط لگائیں۔



# یونٹ ۱

## یونٹ کے مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

اس یونٹ میں دیے گئے کام اور سرگرمیوں کے ذریعے زبان کی چاروں مہارتوں (سننا، بولنا، پڑھنا، لکھنا) کی ترویج ونشوونما کرسکیں۔

فہم : تربیتی مہارت کو فروغ دے سکیں۔ اللہ سے محبّت اور شُکر گزاری کا جذبہ بیدار کرسکیں۔ لال رنگ پہچان سکیں۔ کہانی 'تین دوست' کے ذریعے واقعات کی ترتیب ، مرکزی خیال ، مناظر اور کرداروں کی پہچان کرسکیں۔ کہانی کے بارے میں کیے گئے زبانی سوالات کے جوابات دے سکیں۔ اپنی حفاظت کے لیے خطرناک اور محفوظ رکھنے والے کاموں میں تمیز کرسکیں۔

پڑھنا : صوتیات۔'ا' سے 'ے' تک حروفِ تہجّی کی آوازوں کی پہچان کا اعادہ کرسکیں۔ حروف کے شروع کی آواز پہچان کر تصویروں سے ملا سکیں۔ تصویروں کے ساتھ حروف لکھ سکیں۔ حروف بطور آخری آواز پہچان سکیں۔ بنیادی مصوّتے / حروفِ علت (ا و ی ے) اور شرارتی حروف پہچان سکیں۔

بصری ذخیرۂ الفاظ۔ سیکھے گئے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کرسکیں (دیکھیے فرہنگ) ، نئے الفاظ پڑھ سکیں۔ نئے الفاظ : اللہ ، میرے ، پیارے۔

لکھنا : دُرست بناوٹ سے 'ا' سے 'ے' تک حروفِ تہجّی لکھ سکیں۔ دائرہ ، صحیح (✓) اور غلط (✗) کا نشان بنا سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز ، تختۂ تحریر ، رنگین پنسلیں ، ماسک (ہرن ، چُوہے اور کوّے کا ماسک)
- اُردو کا گلدستہ 'چنبیلی' صفحہ ۱ سے ۱۹

## تجویز کردہ معاون کُتب

- قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل صفحہ ۳۹ سے ۴۰
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۴ سے ۱۳
- معاون کتاب 'تارے' صفحہ ۴ سے ۸

# تختۂ نرم کی تجاویز: یونٹ ۱

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## حروفِ تہجّی

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ب | پ | ت | ٹ | ث | | |
| ج | چ | ح | خ | | | | |
| د | ڈ | ذ | ر | ڑ | ز | ژ | |
| س | ش | ص | ض | ط | ظ | | |
| ع | غ | ف | ق | ک | گ | | |
| ل | م | ن | و | ہ | ی | ے | |

ہمیشہ اسی ترتیب سے لگائیے تا کہ حروف کے خاندانوں اور جوڑوں کا نظریہ واضح ہو سکے۔

کچھ حروف کے ساتھ تصویری کارڈ لگائیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ب | | ج | |
| د | | س | |

(ا) کے تین حرفی الفاظ کے جملے

یہ تاج ہے

وہ نان ہے

وہ نانا جان ہیں

## حمد

اللہ اللہ اللہ اللہ

میرے پیارے پیارے اللہ




## ذخیرۂ الفاظ

| | |
|---|---|
| امّی | ابّو |
| گیند | گڑیا |
| یہ | زارا |
| ہے | وہ |


## رنگ

لال


## مصوّتے




## شرارتی حروف




## تین دوست




نوٹ: تجاویز زیادہ دینے کا مقصد یہ ہے کہ آپ یہ چیزیں اور کام تختۂ نرم پر اپنی منصوبہ بندی کے مطابق لگاتے رہیے۔ ایک وقت میں وہی کام/ فلیش کارڈز/ تصاویر لگائیے جو کام آپ جماعت میں کروا رہے ہوں تا کہ بچوں کو اس سے مدد مل سکے۔



OXFORD UNIVERSITY PRESS

# تفہیم ............ (صفحہ ۱)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- بغور مشاہدہ کرنے کی صلاحیت پیدا کرسکیں۔
- نمونوں اور چیزوں کی ترتیب سمجھ کر اگلا نمونہ یا تصویر پہچان سکیں۔


## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- دی گئی تصویروں کے کٹ آؤٹس (ہر گروپ کے لیے ایک سیٹ)
- چنبیلی صفحہ ۱

## پیریڈ : ۱

## طریقۂ کار

- طلبہ و طالبات کو گروپ میں بٹھا کر کٹ آؤٹس دیجیے۔ ترتیب سے رکھنے کے بارے میں تختۂ تحریر پر یا پاس بیٹھ کر سمجھایئے۔
- مثلاً تارا ☆ چاند ☾ تارا ☆ پوچھیے اب یہاں کیا آئے گا؟
- سمجھانے کے بعد کتاب میں دی گئی دو تصاویر میں سے ایک منتخب کر کے ملوایئے اور تصویریں بنوایئے۔




## حمد ............ (صفحہ ۲)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- کتاب 'چنبیلی' کو بغور دیکھ کر سرورق فہرست اور مضامین کے بارے میں مختصراً بات کرسکیں۔
- حمد کا شعر پڑھ سکیں۔
- تصویر کشی کرسکیں۔
- 'اللہ نے ہمیں کیا کیا دیا' اس موضوع پر کی گئی گفتگو میں حصّہ لے سکیں۔




### مددگار مواد

- کتاب 'چنبیلی' کے فلیش کارڈز (حروفِ تہجّی اور حمد کے شعر کا بصری ذخیرۂ الفاظ)
- کاغذ یا کاپی ، رنگین پنسلیں
- چنبیلی صفحہ ۲
- ہدایات برائے اساتذہ 'چنبیلی' سے نظم 'حمد' صفحہ ۱۲۵

### تجویز کردہ معاون کُتب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم
- معاون کتاب 'تارے'

### پیریڈز: ۱۔۲

### طریقۂ کار

- تمام سکھائے گئے حروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز دکھائیے اور پڑھوائیے۔
- چنبیلی ، کتاب سب کے ہاتھوں میں دیجیے۔ سرورق بغور دیکھنے کے لیے کہیے۔ پوچھیے کیا کیا نظر آرہا ہے ، کون کون سے رنگ نظر آرہے ہیں ، بچّہ کیا کررہا ہے ، اندر کے صفحات کا تعارف کروائیے ، اندرونی سرورق ، تعارف اور فہرست کے بارے میں بتائیے۔ بتائیے کہ فہرست ہمارے لیے کس طرح مددگار ہے۔
- صفحہ ۲ بغور دیکھنے اور پڑھنے کی کوشش کرنے کے لیے کہیے۔ ہدایات برائے اساتذہ سے حمد پڑھ کر سُنائیے۔ پھر بچّوں سے دُہرانے کے لیے کہیے۔

- کاغذ یا کاپی پر اس حمد میں بیان کی گئی چیزوں میں سے طلبہ و طالبات سے اُن کی پسند کی شخصیت یا چیز کی تصویر بنوایئے۔
- دو یا تین دن پہلے سے حمد کے نئے الفاظ کی بصری پڑھائی کروانے سے بچّے نئے الفاظ سے مانوس ہو چکے ہوں گے۔ خود پڑھنے کی کوشش کرنے والے بچّوں کو شاباش دیجیے۔ اور تمام بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔ حمد کے بنیادی تصور کی وضاحت کیجیے کہ اللہ تعالیٰ ہم سے بہت پیار کرتے ہیں اس لیے ہمیں پیار کرنے والے امّی ابّو دیے ہیں۔

تجویز: بچّوں سے اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم کا تعارف کروایئے۔ کام کرنے کا شوق پیدا کیجیے۔ تیر کے نشانات بورڈ پر بنا کر وضاحت کیجیے کہ یہ سمت بتانے کے لیے ہیں۔ شروع کے نقاط سے شروع کرنے کی ہدایات دیجیے بچّوں سے ہوا میں 'اللہ' لکھوایئے۔ تختۂ تحریر پر بڑا لکھیے۔ نمونہ لکھائیاں بھی ہوا میں اور بچّوں کے سامنے میز پر بنوایئے۔ خوش خطی کا صفحہ ۱ کھلوایئے اللہ کی نعمتوں کی یاد دہانی کرواتے ہوئے بڑے حرف کے اندر دُرست سمت میں پانچ بار رنگین پنسلوں سے لکھوایئے۔ نیچے دی گئی نمونہ لکھائیاں بھی تیر کے نشانات کی سمت میں دُرست طریقے سے بنوایئے۔

## پہچانیے، لکھیے ............ (صفحہ ۳ تا ۴)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- تمام حروفِ تہجّی کا اعادہ کرسکیں۔
- بصری طریقے سے پچھلی جماعتوں میں سکھائے جانے والے الفاظ کا اعادہ کرسکیں۔
- 'چنبیلی' کی 'حمد' کے الفاظ کا اعادہ اورمعاون کتاب 'تارے' کی 'حمد' کے نئے الفاظ پڑھ سکیں۔
- 'ا' سے 'ے' تک لکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز (پچھلے درجوں میں سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ اور حروفِ تہجّی)
- تختۂ تحریر

### تجویز کردہ معاون کتاب

- معاون کتاب 'تارے'


### پیریڈز: ۱۔۲

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ اور 'حمد' چنبیلی اور تارے (تجویز) کے الفاظ کی پڑھائی کروایئے۔

تجویز: معاون کتاب 'تارے' کا تعارف کروایئے اس کی تصاویر بچّوں کو دیکھنے کا موقع دیجیے۔ پڑھنے کا شوق پیدا کیجیے۔ 'حمد' کے ذخیرۂ الفاظ کی دو یا تین دن قبل پڑھائی کروائے جانے کے سبب بچّے 'تارے' کی 'حمد' خود پڑھنے کی کوشش کریں گے اور چند بچّے خود پڑھ بھی لیں گے۔

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد بورڈ پر 'ا' سے 'ژ' تک دُرست بناوٹ سے لکھ کر دکھائیے۔ جب آپ لکھیں بچّے آپ کے ساتھ ہوا میں لکھ رہے ہوں۔ حروف لکھتے ہوئے ان سے شروع ہونے والی اشیا کے نام بھی لیتے جائیے۔ اسی طرح صفحہ ۴ کا کام بھی کروائیے۔
- چنبیلی کے صفحات پر کام کروائیے۔ اس دوران بچّوں کے کام کی نگرانی کیجیے۔ دیکھیے کہ وہ شروع کے لال نقطے سے ہی لکھنا شروع کر رہے ہوں۔ نقاط کے حروف پر پنسل پھروائیے۔
- دیے گئے لال ڈیشز پر بچّوں سے دُرست بناوٹ سے لکھائی کرنے میں مدد دیجیے۔
- جو بچّے جلدی لکھ لیں ان سے لکھے گئے حروف کے اوپر خالی جگہ میں ان حروف سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر بنوایئے مثلاً :



- بچّے جو بھی بنائیں آپ ان سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ ، اگر 'ب' کے اوپر بنائی گئی تصویر 'ب' ہی سے شروع ہونے والا نام ہے تو آپ کو اندازہ ہوجائے گا کہ اس بچّے کو آوازوں کی دُرست پہچان ہے۔

**کاپی میں کام:** کاپی میں دُرست طریقے سے کام کروائیے۔ بورڈ پر ایک خاندان لکھیے بچّوں سے نقل کرنے کے لیے کہیے۔ جائزہ لیجیے۔ پھر دوسرے خاندان اور باقی خاندان اسی طریقے سے باری باری لکھوائیے۔

## لکھیے ............ (صفحہ ۵)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- نقطے ، بغیر نقطے اور 'ط' کے حروفِ تہجّی میں سے چُن کر الگ الگ لکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز (حروفِ تہجّی)
- چنبیلی صفحہ ۵
- کاپی

### پیریڈ: ۱

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے نقطے ، بغیر نقطے اور 'ط' کے حروف کی پڑھائی کروائیے۔

- چنبیلی کا صفحہ ۵ کھلوایئے کام کا طریقہ سمجھایئے۔ انھیں پچھلے صفحات پر لکھے حروفِ تہجّی دیکھنے کی اجازت دیجیے تاکہ وہ وہاں سے چُن کر اس صفحے پر دی گئی جگہ میں لکھ سکیں۔ کام اچھا کرنے پر بچّوں کو اسٹار دیجیے۔

**کاپی میں کام:** کاپی میں ایک ، دو یا تین نقطے والے حروف الگ کالم بنا کر لکھوایئے۔

| . | ٠٠ | ٠٠٠ |
|---|---|---|
| ب | ت | پ |
| ج | ق | ث |
| خ | | چ |
| ذ | | ژ |
| ز | | ش |
| ض | | |
| ظ | | |
| غ | | |
| ف | | |
| ن | | |

## ملایئے ........... (صفحہ ۶)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- حروفِ تہجّی کی آوازوں کی پہچان کا اعادہ کرسکیں۔
- حروفِ تہجّی کو چیزوں کی تصاویر سے ملاسکیں۔
- کاپی میں دیا گیا کام کرسکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز (حروفِ تہجّی اور تصاویر)
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۶

### پیریڈز : ۳

### طریقۂ کار

- بچّوں کو حروفِ تہجّی کے کارڈز دِکھا کر ان کے نام اور آوازوں کا اعادہ کروایئے۔

- کچھ تصاویر تختۂ تحریر پر بنا کر یا چپکا کر اُن کے ناموں کی شروع کی آوازیں پوچھیے مثلاً بلّی ، پتّا..... (دیکھیے چنبیلی کا صفحہ ٦)
- اُن آوازوں کے حروف لکھیے اور تصاویر سے ملا کر دکھایئے۔
- تختۂ تحریر پر چنبیلی کا پُورا صفحہ بنایئے یا بڑی فوٹو کاپی چپکایئے اور بطور مثال کچھ حروف ملا کر دِکھا دیجیے۔
- بچّوں سے کام کروایئے۔نگرانی اور حوصلہ افزائی کیجیے۔
- کاپی میں دیا گیا کام کروایئے۔

## لکھیے اور رنگ بھریے........... (صفحہ ۷ تا ۸)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- جانچ کا کام خود خوش اسلوبی سے کرسکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز (حروفِ تہجّی)

### پیریڈز: ۱۔۲

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے حروف کا اعادہ کرواتے ہوئے ان حروف سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے اور بتایئے۔صفحات کے نیچے دی گئی ہدایات پر عمل کیجیے۔
- صفحات پر کام کرواتے ہوئے کوشش کیجیے کہ بچّے یہ کام خود ہی کریں۔کسی کو مدد کی ضرورت ہو تو اشارہ کردیجیے۔ بورڈ پر صفحہ بناتے ہوئے بھی بچّوں سے پوچھتے رہیے۔
- کام کے بعد خود اصلاحی کروایئے۔ آپ بورڈ پر دُرست حروف تصاویر کے ساتھ لکھ دیں اور بچّے نیلی پنسلوں سے اپنا کام خود چیک کریں (✓✗) کا نشان لگائیں ، غلط ہونے کی صورت میں دُرست حرف نیلی پنسل سے لکھے گئے حروف کے ساتھ ہی لکھ دیں۔

## لال ، رنگ اور لفظ کی پہچان ........... (صفحہ ۵)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- لال رنگ کی پہچان کرسکیں۔
- لفظ لال کی بصری طریقۂ تدریس سے پہچان کرسکیں۔

- دی گئی تصاویر میں سے لال رنگ کی تصاویر پر دائرہ بنا سکیں۔
- صفحے (رنگ کی پہچان) کے نچلے حصّے میں دی گئی تصویر کے الفاظ میں سے لفظ لال پہچان کر رنگ بھر سکیں۔ (لفظ کی پہچان)

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز لفظ لال
- لال رنگ کی اشیا: اصلی اشیا مثلاً لال پھول، ٹماٹر، لال رنگ کے کھلونے، جماعت میں موجود لال رنگ کی اشیا مثلاً پنسلیں.....
- چنبیلی صفحہ ۹

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے لفظ لال کی پڑھائی کروایئے۔ صفحے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی ہدایت پر عمل کیجیے۔ لال رنگ کا دن منایئے۔ لال رنگ سے پینٹنگ، کولاج اور تصاویر بنوایئے۔
- چنبیلی کے صفحے پر کام کروایئے۔ لال رنگ کی چیزوں پر دائرہ بنوایئے۔
- دیے گئے آگ بجھانے والے انجن کے خاکے میں لکھے گئے لفظ لال میں لال رنگ بھروایئے۔ اس سے قبل فلیش کارڈز سے پڑھائی کروانے سے طلبہ و طالبات لفظ پہچاننے لگیں گے۔ مدد اور حوصلہ افزائی کیجیے۔

## مصوّتے ............ (صفحہ ۱۰)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- الفاظ کے آخر کی آواز پہچان سکیں۔
- اُردو کے بنیادی مصوّتے (vowels) پہچان سکیں۔
- دیے گئے الفاظ کے آخر میں آنے والے مصوّتے پہچان کر اُن پر دائرہ بنا سکیں۔
- کاپی میں دیا گیا کام کرسکیں۔




### مددگار مواد

- فلیش کارڈز (صفحہ ۱۰ پر دیا گیا ذخیرۂ الفاظ)
- تختۂ تحریر
- رنگین چاک
- چنبیلی صفحہ ۱۱۸ تا ۱۱۹ (ہدایات برائے اساتذہ)

## پیریڈز : ۳

### طریقۂ کار

- بچّوں کو بتائیے کہ حروفِ تہجّی میں کچھ حروف ایسے ہوتے ہیں جن سے باقی حروف مل کر الفاظ بناتے ہیں جیسے ب ا با ، ب ا با بابا۔ رنگین چاک سے مصوّتے الگ رنگ سے لکھ کر وضاحت کے لیے مزید الفاظ لکھ کر دِکھائیے اور صرف آخری آواز پر دائرے بنا کر دکھائیے۔ (چنبیلی کے صفحہ ۱۰ کے الفاظ ہی بطور مثال استعمال کیجیے) مصوّتوں کی آوازوں کی وضاحت کے لیے چنبیلی صفحہ ۱۱۹ کی مدد لیجیے۔
- چنبیلی کے صفحے کے نچلے حصّے پر آخری حروف پر دائرہ بنوائیے۔
- تمام آوازوں کو دُہراتے رہیے۔
- کاپی میں کام کروائیے۔ بچّوں کی مدد کر کے ہاتھ ٹریس کروائیے اور چاروں مصوّتے 'ا و ی ے' لکھوائیے۔

# خالی جگہ میں حروف لکھیے اور مصوّتوں پر دائرہ بنائیے............ (صفحہ ۱۱)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں اور مصوّتوں کے نام اور آوازیں پہچان سکیں۔
- چنبیلی میں خالی جگہ بھرنے اور مصوّتوں پر دائرہ بنانے کا کام کرسکیں۔
- کاپی میں 'ا' سے 'ے' تک لکھیں اور دائرہ بناسکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ) چنبیلی صفحہ ۱۸ ، ۱۹ پر دیا گیا ذخیرۂ الفاظ
- کاپی

## پیریڈز: ۱۔۲

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے ، گلاب کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ ۱۱ تختۂ تحریر پر بنا کر کام سمجھائیے۔ 'ا و ی ے' کی آوازوں کی مشق کے بعد کام کروائیے۔
- 'ا' سے 'ے' تک کاپی میں لکھائی کروانے کے بعد بچّے مصوّتوں پر دائرہ بنانے کا کام کریں۔ کام نامکمل رہنے کی صورت میں اگلے دن میں مکمل کروائیے۔

# تین دوست ............ (صفحہ ۱۲ تا ۱۴)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- مشاہدے ، سُننے ، سمجھنے ، دُہرانے ، واقعات کی ترتیب جاننے ، مرکزی خیال ، کرداروں کی پہچان کی مہارتوں کی نشوونما کرسکیں۔
- کہانی سُن کر اس کے بارے میں زبانی سوالات کے جوابات دے سکیں۔
- کہانی سے اپنے پسندیدہ منظر کی تصویر بنا سکیں۔


## مددگار مواد

- پُتلیاں (تینوں کرداروں ہرن ، کوّا اور چُوہا)
- چنبیلی صفحہ ۱۲ تا ۱۴
- چنبیلی صفحہ ۱۲۵ (ہدایات برائے اساتذہ)

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار


- طلبہ و طالبات کوچنبیلی کے یہ دوصفحات (۱۲ اور ۱۳) دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔ ہرتصویر کے بارے میں الگ سوالات کیجیے۔ کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ ہدایات برائے اساتذہ سے کہانی تاثرات سے پڑھ کر سُنائیے۔ دیے گئے زبانی سوالات کیجیے۔ بچّوں کو جوابات دینے کا موقع دیجیے اور حوصلہ افزائی کیجیے۔
- پُتلیوں کی مدد سے کہانی دوبارہ سُنائیے۔ بعدازاں بچّوں کے ہاتھوں میں پُتلیاں دے کر اُن سے اپنے کردار کے مطابق مکالمے دُہرانے کے لیے مدد کیجیے۔



تجویز : کہانی کو بآسانی ڈرامے کی طرح بھی پیش کروایا جا سکتا ہے۔

- صفحہ ۱۴ کا کام سمجھا کر کروایئے۔ کردار دُہرایئے۔ دیے گئے جانوروں کی تصاویر میں سے کون سے آپس میں دوست تھے، پوچھیے اور اُن کی تصاویر کے گرد دائرے بنوایئے۔ صفحے کے نچلے حصّے پر بچّوں سے اُن کے اپنے/ اپنی دوست کی تصاویر بنوایئے۔

# شرارتی حروف ............ (صفحہ ۱۵)




## مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- شرارتی حروف کے بارے میں جان سکیں۔

## مددگار مواد

- شرارتی حروف کی پُتلیاں
- چنبیلی صفحہ ۱۵

## پیریڈز : ۱۔۲

## طریقۂ کار

- شرارتی حروف کی پُتلیاں بنا لیجیے اور ہلا کر ان کے بارے میں بتائیے۔ مثلاً: 

- میں 'د' ہوں۔ میں اپنے بعد آنے والے حروف سے نہیں ملتی لیکن اپنے سے پہلے آنے والے حروف سے مل جاتی ہوں ، مثلاً: دِس۔ رب۔ ڈر
- سمجھانے کے بعد صفحہ ۱۵ بورڈ پر بنا کر کام کروائیے۔ (رہنما ہدایات برائے اساتذہ 'چنبیلی' کے صفحہ ۱۱۸ کا آخری پیراگراف پڑھ لیجیے تاکہ سمجھانے میں آسانی ہو) دیے گئے دائروں میں صرف شرارتی حروف کی پہچان کروا کر رنگ بھروائیے۔
- ان کٹ آؤٹس کو گھر لے جانے کے لیے دیا جا سکتا ہے۔

# خالی جگہ میں حروفِ تہجّی لکھیے اور شرارتی نو پر دائرہ بنائیے ............ (صفحہ ۱۶)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- فلیش کارڈ سے چنبیلی صفحہ ۱۸ اور ۱۹ پر دیا گیا 'گلاب' کا ذخیرۂ الفاظ پڑھ سکیں۔
- فلیش کارڈز سے حروفِ تہجّی اور شرارتی نو کی پہچان کا اعادہ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز 'بصری الفاظ' اور حروفِ تہجّی
- چنبیلی صفحہ ۱۶
- چنبیلی صفحہ ۱۱۸ (ہدایات برائے اساتذہ)

## تجویز برائے معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈ: ۱

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز حروفِ تہجّی اور ذخیرۂ الفاظ پڑھوایئے۔
- شرارتی حروف کی پتلیوں کی مدد سے اعادہ کروایئے اور صفحہ ۱۶ پر کام کروایئے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۲ اور ۳ کروایئے۔

کاپی میں کام: کتاب میں کام کی طرح ہی کاپی میں حروفِ تہجّی لکھوانے (خاندان کی ترتیب کا خیال رکھیے) اور شرارتی نو پر دائرے بنانے کا کام کروایئے۔

# تفہیم: خطرناک اور محفوظ ........... (صفحہ ۱۷)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- تصاویر کا بغور مشاہدہ کرسکیں۔
- تصاویر میں ہونے والے خطرناک اور محفوظ کاموں کی نشاندہی کرسکیں۔
- غلط اور صحیح کاموں پر × یا کا ✓ کا نشان لگاسکیں۔
- خطرناک اور محفوظ دی گئی ہدایت کے مطابق کچھ مزید ایسے کام بتاسکیں جو خطرناک ہوتے ہیں۔




## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۱۷

## پیریڈ: ۱

## طریقۂ کار

- طلبہ و طالبات سے زیریں حاشیے (footnotes) میں دی گئی زبانی گفتگو کیجیے اور خود بتاتے ہوئے خطرناک کاموں کی وضاحت کیجیے۔ تختۂ تحریر پر × اور ✓ کا نشان بنا کر دکھایئے۔
- بچّوں سے ہوا، ریت، سلیٹ پر دُرست بنانے کی مشق کروایئے۔

- چنبیلی کا صفحہ دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔
- ہر تصویر کے بارے میں باری باری گفتگو کے ذریعے اس کا خطرناک یا محفوظ ہونا واضح کیجیے۔
- طلبہ و طالبات سے ہی کام کروائیے۔ مدد، حوصلہ افزائی اور نگرانی کیجیے۔

## پڑھیے اور پہچانیے، پڑھیے اور ملائیے............(صفحہ ۱۸ تا ۱۹)

### مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائے گئے الفاظ اور جملے، صفحہ ۱۸ اور ۱۹ پر پہچان کر ملاسکیں۔

### مددگار مواد


- فلیش کارڈز - بصری ذخیرۂ الفاظ
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۱۸ تا ۱۹

### پیریڈز: ۱۔۲

### طریقۂ کار

- چنبیلی صفحہ ۱۸ تا ۱۹ کی پڑھائی کروائیے، کام کا طریقہ سمجھائیے اور کام کروائیے۔
- ایک ایک مثال بورڈ پر سمجھا دیجیے۔ کام کے دوران بچّوں کی مدد کیجیے۔

نوٹ: ان الفاظ کے فلیش کارڈز کی گزشتہ دنوں میں کروائی گئی پڑھائی بچّوں کے اس کام کو آسان کر دے گی۔



# یونٹ ۲

## یونٹ کے مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

اس یونٹ میں دیے گئے کام اور سرگرمیوں کے ذریعے زبان کی چاروں مہارتوں (سُننا ، بولنا ، پڑھنا ،لکھنا) کی ترویج ونشوونما کرسکیں۔

فہم : دی گئی تصاویر میں مختلف کی پہچان کرسکیں۔ نیلا رنگ پہچان سکیں۔ کہانی 'کبوتر جال لے اُڑے' کے ذریعے واقعات کی ترتیب ، مرکزی خیال ، مناظر اور کرداروں کی پہچان کرسکیں، کیے گئے سوالات کے زبانی جوابات دے سکیں۔ رول پلے/تمثیل کرتے ہوئے مکالمے دُہراسکیں۔نظم 'میری کار' کے آہنگ سے لطف اُٹھا کر دُہراسکیں۔

پڑھنا : صوتیات۔ تمام حروفِ تہجّی کی مصوّتے 'ا' کے ساتھ ملنے سے آواز میں ہونے والی تبدیلی پہچان کر دُرست ادائیگی کرسکیں۔'ا' کے دوحرفی ، چارحرفی اور تین حرفی الفاظ اور ان پر مبنی جملے دُرست پڑھ سکیں۔

بصری ذخیرۂ الفاظ۔ سیکھے گئے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کرسکیں (دیکھیے فرہنگ) ، نئے الفاظ پڑھ سکیں۔ نئے الفاظ : ایک ، دو، تین۔

لکھنا : تمام حروفِ تہجّی کی مصوّتے 'ا' کے ساتھ ملنے والی اشکال کی تبدیلی سے متعارف ہوسکیں۔ دوحرفی ، چارحرفی اور تین حرفی الفاظ بنا کرلکھ سکیں اور ان کے حروف الگ کرسکیں۔ اِن الفاظ پر مبنی جملے لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز
- رنگین پنسلیں
- A4 سائز کاغذ
- کبوتر جال لے اُڑے : کہانی کے لیے جال ، کبوتروں کے ماسک
- مختلف پیشوں سے متعلق ماسک (فوجی ، ہوا باز ، ......)
- اُردو کا گلدستہ 'چنبیلی' صفحہ ۲۰ سے ۳۸

## تجویز کردہ معاون کُتب

- قاعدہ 'پڑھیے اورسیکھیے' حصّہ اوّل صفحہ ۴۱
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۱۴ سے ۱۷
- معاون کتاب 'تارے' صفحہ ۹ سے ۱۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## مصوّتے ’ا‘ سے ملانا

| | | | |
|---|---|---|---|
| ب | ا | بـ ا | با |
| ج | ا | جـ ا | جا |
| ط | ا | ط ا | طا |
| ک | ا | کـ ا | کا |
| ہ | ا | ہـ ا | ہا |


## ’ا‘ کے دو حرفی الفاظ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| با | جا | سا | صا | طا | عا |
| فا | کا | لا | ما | نا | ہا |

## ’ا‘ کے چار حرفی الفاظ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| با | با | بابا | پا | پا | پاپا |
| چا | چا | چاچا | دا | دا | دادا |

## کبوتر جال لے اُڑے




## ذخیرۂ الفاظ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| نہیں | دیکھو | آؤ | کھانا | کھاؤ |
| ایک | دو | تین | میری | بازار |

## ’ا‘ کے تین حرفی الفاظ

| | | | |
|---|---|---|---|
| بات | باپ | باز | پاک |
| تار | جاگ | جال | جان |

## شرارتی حروف




## رنگ

نیلا





## میری کار



بچّوں کی بنائی ان کے اپنے کھلونوں کی تصاویر

نوٹ: تجاویز زیادہ دینے کا مقصد یہ ہے کہ آپ یہ چیزیں اور کام تختۂ نرم پر اپنی منصوبہ بندی کے مطابق لگاتے رہیے۔ ایک وقت میں وہی کام/فلیش کارڈز/تصاویر لگائیے جو کام آپ جماعت میں کروا رہے ہوں تاکہ بچوں کو اس سے مدد مل سکے۔

# تفہیم ............ (صفحہ ۲۰)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ


- بغور مشاہدہ کرنے کی صلاحیت کو فروغ دے سکیں۔
- ایک جیسی اور مختلف اشیا کی پہچان کر سکیں۔

## مددگار مواد

- جماعت میں موجود ایک جیسی اور مختلف اشیا (مثلاً تین لال پنسلیں اور ایک ہری ، چار ربر اور ایک پنسل)
- تصویری کارڈ (صفحے پر موجود تصاویر)
- چنبیلی صفحہ ۲۰

## پیریڈ : ۱

## طریقۂ کار




- کھیل کھیلیے : بچّوں کو جماعت میں موجود ایک جیسی چیزیں مثلاً تین لال پنسلیں دکھائیے اور ایک ہری پنسل بھی دکھائیے۔ ہدایت دیجیے کہ جب آپ ایک جیسی پنسلیں دکھائیں گے تو بچّے خاموش رہیں گے مختلف پنسل دکھانے پر وہ تالی بجائیں گے۔
- یہی کھیل بنائے گئے تصویری کارڈز دکھاتے ہوئے کھلائیے یعنی مگ کی تصاویر دکھانے پر بچّے خاموش رہیں گے اور چمچے کی تصویر دکھانے پر تالی بجائیں گے۔
- کتاب میں کام کروائیے۔
- مختلف کی پہچان کروائیے اور × کا نشان بنوائیے۔

# نیلا ، رنگ اور لفظ کی پہچان ............ (صفحہ ۲۱)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- نیلا رنگ پہچان سکیں۔
- لفظ نیلا بصری طریقۂ تدریس سے پہچان سکیں۔

## مددگار مواد

- نیلے رنگ کی اشیا
- فلیش کارڈ نیلا اور گُڑیا ، کتاب ، امّی ، ابّو ، یہ ، گیند ، وہ (گلاب میں سکھایا گیا ذخیرۂ الفاظ)
- چنبیلی صفحہ ۲۱

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے دیے گئے الفاظ اور لفظ 'نیلا' کی پڑھائی کروائیے۔
- صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی ہدایت پر عمل کیجیے۔
- نیلے رنگ کا دن منائیے۔ بچّوں سے نیلے رنگ کے کھلونے اور مختلف اشیا منگوائیے جو وہ جماعت میں باری باری دکھائیں اور اُن کے بارے میں اُردو میں جملے بولیں۔
- نیلے رنگ سے پینٹنگ کروائیے۔ کولاج اور تصاویر بنوائی جا سکتی ہیں۔
- نیلے رنگ سے متعلق نظم پڑھیے۔

نیلے آسمان سے
نیلے کپڑے پہنے
نیلی پَری آئی
نیلے پُھول لائی
نیلے نیلے پانی میں
کشتی چلائی
نیلی پَری آئی
نیلے پُھول لائی

- چنبیلی کے صفحے پر کام کروائیے۔
- نیلے رنگ کی چیزوں پر دائرہ بنوائیے۔
- دیے گئے مچھلی کے خاکے میں لفظ نیلا میں نیلا رنگ بھروائیے۔
- اس سے قبل فلیش کارڈز سے پڑھائی کروانے سے بچّے یہ لفظ پہچاننے لگیں گے۔ مدد اور حوصلہ افزائی کیجیے۔


OXFORD
UNIVERSITY PRESS

# ’ا‘ سے ملانا (ب کا خاندان) ............ (صفحہ ۲۲)


## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- ’ب‘ کے خاندان کے حروف مصوّتے ’ا‘ سے ملانا سیکھ سکیں۔
- ’ب‘ کے خاندان کے حروف کی ’ا‘ سے ملنے والی چھوٹی اشکال کی پہچان کرسکیں۔
- کاپی میں ’ا‘ کے ساتھ ملے ہوئے دو حرفی ارکان خوش خط لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (حروفِ تہجّی اور با ، پا ، تا ، ٹا ، ثا)
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۲۲





## تجویز کردہ معاون کُتب

- قاعدہ ’پڑھیے اور سیکھیے‘ حصّہ اوّل
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی کہانی سُنایئے۔ بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوایئے ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروایئے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوایئے۔




- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- چنبیلی کا صفحہ دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروایئے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۶ پر کام کروایئے۔

# ’ا‘ سے ملانا (ج کا خاندان) ............ (صفحہ ۲۳)


## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- ’ج‘ کے خاندان کے حروف مصوّتے ’ا‘ سے ملانا سیکھ سکیں۔
- ’ب‘ اور ’ج‘ کے خاندان کے حروف کی ’ا‘ سے ملنے والی چھوٹی اشکال کی پہچان کرسکیں۔
- کاپی میں ’ج‘ کے خاندان کے ’ا‘ کے ساتھ مل کر بننے والے دو حرفی ارکان خوش خط لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۲۳




## تجویز کردہ معاون کُتب

- قاعدہ ’پڑھیے اور سیکھیے‘ حصّہ اوّل
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی کہانی سُنایئے۔ بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوایئے ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروایئے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوایئے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروایئے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۷ پر کام کروایئے۔


# شرارتی حروف ’ا‘ سے ملانا ............ (صفحہ ۲۴)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- شرارتی حروف کی خصوصیت کا اعادہ کرسکیں۔
- شرارتی نو حروف مصوّتے ’ا‘ سے ملانا سیکھ سکیں۔
- کاپی میں ’د‘ سے ’ژ‘ تک حروف ’ا‘ کے ساتھ مل کر بنے دو حرفی ارکان خوش خط لکھ سکیں۔

## مددگار مواد




- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۲۴

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حروف کے کردار بنا کر چنبیلی صفحہ ۱۵ کی پُتلیاں استعمال کرتے ہوئے شرارتی حروف کی خصوصیات کا اعادہ کروایئے۔ بچّوں سے پہلی لائن کا کام اپنی نگرانی میں کروایئے۔ دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروایئے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوایئے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروایئے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۸ پر کام کروایئے۔


# کبوتر جال لے اُڑے ............ (صفحہ ۲۵ تا ۲۶)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- تصاویر کا بغور مشاہدہ کرسکیں۔

- مشاہدے ، سُننے ، سمجھنے ، دُہرانے ، واقعات کی ترتیب جاننے ، مرکزی خیال ، کرداروں اور مناظر کی پہچان کی مہارتوں کی نشوونما کرسکیں۔
- کہانی کے متعلق زبانی سوالات کے جوابات دے سکیں۔
- کہانی سے اپنے پسندیدہ منظر کی تصویر بنا سکیں۔
- کہانی کا رول پلے کرسکیں۔




## مددگار مواد

- بصری ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز
- چنبیلی صفحہ ۲۵ تا ۲۶
- چنبیلی صفحہ ۱۲۹ (ہدایات برائے اساتذہ : کہانی اور اس کے سوالات)
- رول پلے کے لیے جال ، کبوتروں کے ماسک اور شکاری کے کپڑے

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کروانے کے بعد چنبیلی کے صفحات ۲۵ اور ۲۶ دیکھنے کا وقت اور موقع دیجیے۔
- ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۲۶ سے کہانی تاثرات سے پڑھ کر سُنائیے۔ زبانی سوالات کیجیے۔
- کاپی میں کام کروائیے۔
- کہانی کا رول پلے کروائیے۔

# 'ا' سے ملانا (س ش ص ض ط ظ) ............ (صفحہ ۲۷)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- حروف کے جوڑے 'س ش' 'ص ض' اور 'ط ظ' مصوّتے 'ا' سے ملانا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

- چنبیلی صفحہ ۲۷
- کاپی

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی کہانی سُنائیے۔ ’س ش‘ کے شوشوں، ’ص ض‘ کی چھوٹی اشکال کا خیال رکھتے ہوئے بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوائیے۔ ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروائیے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوائیے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۹ پر کام کروائیے۔

# ’ا‘ سے ملانا (ع غ ف ق ک گ) ........... (صفحہ ۲۸)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- حروف کے جوڑوں ’ع غ‘، ’ف ق‘ اور ’ک گ‘ مصوّتے ’ا‘ سے ملانا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۲۸
- کاپی

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی کہانی سُنائیے۔ 'س' 'ش' کے شوشوں ، 'ص' اور 'ض' کی چھوٹی اشکال کا خیال رکھتے ہوئے بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوائیے۔ ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروائیے۔ 'ع غ '، 'ف ق' اور 'ک گ' کے اپنی اشکال بدلنے کے بارے میں الگ الگ وضاحتیں کیجیے۔ (دیکھیے 'چنبیلی' ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۹) دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوائیے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۱۰ پر کام کروائیے۔

# 'ا' سے ملانا (ل م ن ہ) ........... (صفحہ ۲۹)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کر سکیں۔
- 'ل م ن' اور 'ہ' مصوّتے 'ا' سے ملانا سیکھ سکیں۔
- مختلف حروف کی 'ا' سے ملنے والی چھوٹی اشکال پہچان کر بڑے حروف سے ملا سکیں۔
- کاپی میں دیا گیا کام کر سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۲۹
- کاپی

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی کہانی سُنایئے۔ بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوایئے۔ ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروایئے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوایئے۔
- 'ل' کی بناوٹ کے بارے میں وضاحت کیجیے کہ یہ صرف 'ا' سے ملتے ہوئے لائن پر بیٹھتا ہے اور 'ا' کو گود میں لیتا ہے۔ 'م' کے بارے میں وضاحت کرتے ہوئے اس کی دُرست بناوٹ اچھی طرح سمجھایئے۔ اس مقصد کے لیے دیے گئے لال رنگ کے تیر کے نشانات سے مدد لیجیے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروایئے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۱۱ پر کام کروایئے۔

# الگ کیجیے ............ (صفحہ ۳۰)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کی پہچان کرسکیں۔
- 'م' کے دو حرفی الفاظ کے حروف الگ کرسکیں۔
- ملے ہوئے حروف کی پہچان کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز، تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۳۰

## پیریڈ: ۱۔۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔
- تختۂ تحریر پر سمجھا کر کام کروایئے۔
- نگرانی کیجیے کہ بچّے دُرست طریقے سے لکھ رہے ہوں۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔

# ملائیے الگ کیجیے (جانچ) ............ (صفحہ ۳۱)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- سکھائے گئے 'ا' کے دوحرفی الفاظ ملانے اور الگ کرنے کی جانچ کا کام کرسکیں۔
- اسی نوعیت کی جانچ کا کام کاپی میں بھی کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۳۱

## پیریڈز : ۲۔۳

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔ بچّوں کو کارڈز دے کر کھڑا کرنے سے بھی عمدگی سے اعادہ کیا جاتا ہے۔
- حروف کے ملانے کی کچھ مثالیں تختۂ تحریر پر دیجیے۔ چنبیلی کے صفحے کے دائیں جانب کا کام سمجھا کر کروایئے۔ ابھی بچّوں کو بہت مدد اور حوصلہ افزائی کی ضرورت ہے اس لیے نرمی اور خوش دِلی سے تھوڑی بہت مدد بھی کیجیے۔
- اسی طرح صفحے کے بائیں جانب کا حروف الگ کرنے کا کام بھی تختۂ تحریر پر لکھ کر اور سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں بھی صفحے کے زیریں حاشیے (footnotes) میں دیے گئے دوحرفی الفاظ ملانے اور الگ کرنے کی جانچ کروایئے۔


نوٹ : جن بچّوں کو مزید مشق کی ضرورت ہے اُن کے نام اور وہ حروف جن کے ملانے / الگ کرنے میں مدد درکار ہے نوٹ کیجیے اور وقت نکال کر اُن کی مدد کیجیے۔

# پڑھیے لکھیے ............ (صفحہ ۳۲)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- ذخیرۂ الفاظ پڑھ سکیں۔ 'ا' کے دوحرفی اور چارحرفی الفاظ کے جملے پڑھ سکیں اور نقل کرسکیں۔
- دوحرفی اور چارحرفی الفاظ پڑھ سکیں۔




## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۳۲
- کاپی


## تجویز کردہ معاون کُتب

- قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

- سکھائے گئے دو حرفی الفاظ کو ملا کر نئے چار حرفی الفاظ کی پڑھائی پیریڈ کے شروع کے پانچ منٹ جاری رکھیے۔ سرگرمی کے لیے چار حرفی الفاظ کے تعارف کی سرگرمی ہی دُہرائیے۔ بچّوں کو دو حرفی کارڈ دے کر کھڑا کروائیے اور پھر ایک ساتھ کھڑا کر کے چار حرفی الفاظ بنوا دیجیے۔




- چنبیلی صفحہ ۳۲ کا صفحہ تختۂ تحریر پر بنائیے۔ بچّوں سے پڑھوائیے۔ دُرست بناوٹ کے ساتھ تیر کے نشانات سے مدد لیتے ہوئے الفاظ لکھوائیے۔ جو بچّے زیادہ وقت لیں اُنھیں وقت دیجیے اور جو کام جلدی کر لیں انھیں چار حرفی الفاظ کے کارڈز دے کر دری یا قالین یا الگ گروپ بنا کر میز پر جملے بنانے کی ہدایت دیجیے۔ اس طرح پڑھنے کی مہارتیں مزید بہتر ہوں گی۔
- کاپی میں کام کروائیے۔
- (تجویز) قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل' کا صفحہ ۴۰ پڑھائیے۔
- تختۂ تحریر پر اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۱۱ پر نیچے دی گئی ہدایات دُہراتے ہوئے چنبیلی کا صفحہ ۱۸ بنا کر کام کروائیے۔

## لفظ بنائیے ............ (صفحہ ۳۳)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ پڑھ سکیں۔
- سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ پر مبنی چار حرفی الفاظ بنا سکیں اور پڑھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## تجویز کردہ معاون کُتب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم
- معاون کتاب 'تارے'

## پیریڈز : ۱۔ ۲

## طریقۂ کار

- روزانہ ذخیرۂ الفاظ پڑھانے سے بچّے ان الفاظ سے مانوس ہو جاتے ہیں۔
- 'ا' کے چار حرفی الفاظ فلیش کارڈز، قاعدے اور چنبیلی میں پڑھنے کے بعد یہ تینوں نظمیں زیادہ تر بچّے خود پڑھ لیں گے۔ حوصلہ افزائی اور مدد شرط ہے۔
- (تجویز) 'زارا کی مالا' نظم پڑھانے کے بعد بچّوں سے ان کے پسندیدہ منظر کی تصویر کشی کروائیے 'تارے' کی رہنما ہدایات برائے اساتذہ سے مزید سرگرمیاں کروائیے۔
- (تجویز) معاون کتاب 'تارے' سے نظم 'جالا' پڑھوانے کے بعد اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۱۳ پر کام کروائیے۔ اس طرح بچّے نظم لکھنے کے طریقے سے بھی متعارف ہو جائیں گے۔

## لفظ بنائیے ............ (صفحہ ۳۳)

### مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- طلبہ و طالبات پڑھائے گئے چار حرفی الفاظ لکھنے کی مہارت حاصل کرسکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- چنبیلی صفحہ ۳۳
- تختۂ تحریر
- کاپی

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۱۔۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز پڑھانے کے بعد چنبیلی صفحہ ۳۳ پر کام کروائیے۔ تختۂ تحریر پر پورا صفحہ بنا کر پڑھوانے کے بعد کام کروانا ہمیشہ اچھے نتائج دیتا ہے۔
- کام کے بعد تتلیوں میں ہلکے رنگ بھروائیے تاکہ لکھے ہوئے الفاظ نظر آتے رہیں۔
- بچّوں کو تختۂ تحریر پر سمجھا کر کاپی میں کام کروائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۱۲ پر کام کروائیے ، خیال رکھیے کہ بچّے جو لکھنا سیکھ رہے ہوں وہ پڑھنے پر پہلے سے قادر ہو چکے ہوں۔

## لفظ بنائیے.......... (صفحہ ۳۴)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو سکیں گے کہ

- چار حرفی الفاظ بنا سکیں۔
- چار حرفی الفاظ کے حروف پہچان کر مکمل شکل میں الگ الگ لکھ سکیں۔ (جانچ)

### مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۳۴
- کاپی

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- چار حرفی الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ تختۂ تحریر پر آدھا لکھیے۔ (ملائیے) کام سمجھائیے ، کروانے کے بعد دوسرا حصّہ تختۂ تحریر پر لکھ کر الگ کرنے کا کام کروائیے۔ ایک ساتھ دونوں کام کروانے سے بچّوں کو مشکل درپیش ہو سکتی ہے۔
- اسی طرح کچھ منتخب چار حرفی الفاظ ملانے اور الگ کرنے کا کام کاپی میں بھی کروائیے۔
- کام کے دوران کچھ بچّوں کو مدد کی ضرورت ہوگی ان کی انفرادی طور پر مدد کیجیے۔

# پڑھیے لکھیے............ (صفحہ ۳۵)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے چار حرفی الفاظ پڑھ سکیں۔
- 'ا' کے تین حرفی الفاظ سے متعارف ہو کر پڑھ اور لکھ سکیں۔
- ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ کر سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (چار حرفی الفاظ)
- تختۂ تحریر، چنبیلی صفحہ ۳۵


## تجویز کردہ معاون کُتب

- قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر لکھ کر تین حرفی الفاظ کا اعادہ کروائیے۔




- اسی طرح پا، جا، کا، ما، نا، لا کے ساتھ مختلف حروف ملا کر پڑھائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ ۳۵ کھلوائیے۔ آوازوں سے پڑھوائیے۔ بورڈ پر پورا صفحہ لکھیے۔ بچّے ساتھ ساتھ پڑھتے رہیں۔ دُرست طریقے سے کتاب میں الفاظ لکھوائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۱۴ کا کام کروائیے۔ وقت کی کمی کی صورت میں یہ کام گھر کے لیے بھی دیا جا سکتا ہے۔

# میری کار ............ (صفحہ ۳۶)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- مشاہدے ، سُننے ، سمجھنے ، نظم کے آہنگ سے لطف اُٹھانے کی مہارتوں کو فروغ دے سکیں۔
- بنیادی مصوّتے 'ا' کے تین حرفی الفاظ کی پہچان اور پڑھائی کرسکیں۔
- دیے گئے دائروں میں تین حرفی الفاظ پہچان کر رنگ بھر سکیں۔
- اپنے پسندیدہ کھلونے کی نشاندہی کرسکیں اور اس کی تصویر بنا سکیں۔

نوٹ: اصل مقصد اپنی پسند اور اپنی رائے کے اظہار کا اعتماد دِلانا ہے۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر۔ رنگین پنسلیں
- چنبیلی صفحہ ۳۶
- چنبیلی صفحہ ۱۲۶ (ہدایات برائے اساتذہ)

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔
- چنبیلی صفحہ ۳۶ کھول کر بچّوں کو تصویر دیکھنے کا موقع دیجیے۔
- ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۲۶ سے مکمل نظم ترنّم ، تاثرات اور حرکات و سکنات سے پڑھ کر سُنایئے۔
- بچّوں کے ساتھ مل کر دُہرایئے۔
- نظم میں آنے والے تین حرفی الفاظ کی طرف توجّہ دلایئے۔ ( کار ، چار ، بار.....)
- صفحے کے دوسرے حصّے میں دیا گیا کام تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھایئے۔
- ایک لفظ جان میں رنگ بھر کر دکھایئے۔ بچّوں کے کام میں اُن کی مدد اور حوصلہ افزائی کیجیے۔
- کاپی میں اُن کے پسندیدہ کھلونے کی تصویر بنوایئے۔ بچّوں کی بنائی تصاویر بہت واضح نہیں ہوسکتیں۔ پوچھیے یہ آپ نے کیا بنایا ہے؟ وہ جس کھلونے کا نام لیں وہ اُن کی بنائی تصویر کے ساتھ آپ لکھ دیجیے اس طرح بچّوں کو یہ اعتماد حاصل ہوتا ہے کہ وہ جو بول رہے ہیں اس کی تحریری شکل بھی ہوتی ہے۔

# دو حرفی اور تین حرفی الفاظ کی مشق ............ (صفحہ ۳۷)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- 'لال' اور 'نیلے' رنگ کا اعادہ کرسکیں۔
- دو حرفی الفاظ اور مفرد حروف کی پہچان کر کے بتائے گئے رنگ بھر سکیں۔
- رنگ بھرنے سے بننے والے 'ا' کی نشاندہی کرسکیں۔
- دیے گئے دو حرفی ارکان کو حروف سے ملا کر تین حرفی الفاظ بنا سکیں۔
- چار اور تین حرفی الفاظ ملا کر جملے بنانے کا کام کاپی میں کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (تین حرفی الفاظ)
- تختۂ تحریر
- رنگین چاک
- چنبیلی صفحہ ۳۷

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- صفحے کے اوپر کی جانب کا کام تختۂ تحریر پر بنا کر دکھایئے۔
- رنگین چاک سے ایک مثال بنا کر دکھایئے۔
- بتایئے کہ 'ا' کے دو حرفی الفاظ میں رنگ بھرنے سے 'ا' اُبھر کر آئے گا۔
- صفحے کے دوسرے حصّے کا کام بھی اسی طرح تختۂ تحریر پر بنا کر سمجھایئے۔ ایک مثال دیجیے۔ بقیہ کام بچّوں کی حوصلہ افزائی کر کے خود کرنے کی ترغیب دیجیے۔
- کاپی میں کام الگ سے سمجھایئے۔ جملے پڑھوایئے اور لکھوایئے۔

# لفظ بنایئے (تین حرفی الفاظ)............ (صفحہ ۳۸)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- تین حرفی الفاظ بنا سکیں۔

- تین حرفی الفاظ کے حروف پہچان کر مکمل شکل میں الگ الگ لکھ سکیں۔ (جانچ)

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۳۸
- کاپی

## پیریڈ : ۱

## طریقۂ کار

- تین حرفی الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ تختۂ تحریر پر آدھا لکھیے۔ (لفظ بنائیے) کام سمجھائیے، کروانے کے بعد دوسرا حصّہ تختۂ تحریر پر لکھ کر الگ کرنے کا کام کروائیے۔ ایک ساتھ دونوں کام کروانے سے بچّوں کو مشکل درپیش ہوسکتی ہے۔
- اسی طرح صفحے کے زیریں حاشیے میں دیے گئے منتخب تین حرفی الفاظ الگ کرنے کا کام کاپی میں بھی کروائیے۔
- کام کے دوران کچھ بچّوں کو مدد کی ضرورت ہوگی ان کی انفرادی طور پر مدد کیجیے۔ اُن بچّوں کے نام نوٹ کیجیے اور اُن کی مدد کیجیے۔

# یونٹ ۳

## یونٹ کے مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

اس یونٹ میں دیے گئے کام اور سرگرمیوں کے ذریعے زبان کی چاروں مہارتوں (سُننا ، بولنا ، پڑھنا ، لکھنا) کی ترویج ونشوونما کرسکیں۔

فہم : ذاتی صفائی کے طریقوں اور فائدوں کے بارے میں جان کر عمل کرنا سیکھ سکیں۔ ترانہ 'پاکستان' سے حُبّ الوطنی کے جذبے سے متعارف ہوسکیں۔ کہانی 'ایک گھر' اور 'میرا گاؤں' کے ذریعے مرکزی خیال ، واقعات کی ترتیب ، کرداروں کی پہچان کرسکیں۔ متعلقہ زبانی سوالات کے جوابات دے سکیں۔ اخلاقی سبق سیکھ سکیں۔

پڑھنا : صوتیات۔ تمام حروفِ تہجّی کی مصوّتے 'و' سے ملنے پر آواز میں ہونے والی تبدیلی پہچان کر دوحرفی ارکان کی دُرست ادائیگی کرسکیں۔
صوتی اور بصری طریقے سے سکھائے جانے والے الفاظ پر مبنی جملے پڑھ سکیں۔
بصری ذخیرۂ الفاظ۔ سیکھے گئے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کرسکیں (دیکھیے فرہنگ) ، نئے الفاظ پڑھ سکیں۔
نئے الفاظ : میں ، ہوں ، رہو ، رہتے ، میری ، پاکستان ، میرا ، گھر ، اِس ، اور ، گاؤں ، عبداللہ ، کرتی ، پیارا ، پیاری۔

لکھنا : 'یہ ، وہ ، ہے ، ہیں ، میں ، ہوں' کی لکھائی کرسکیں۔ ان الفاظ کے 'ا' کے تین حرفی الفاظ کے ساتھ مل کر بننے والے جملے لکھ سکیں۔ مصوّتے 'و' کے ساتھ ملنے والی حروفِ تہجّی کی اشکال دُرست طریقے سے بناتے ہوئے دوحرفی ارکان بنا سکیں اور اُن کے حروف الگ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز ، تختۂ تحریر ، رنگین پنسلیں
- ماسک (گائے ، بطخ ، بکری)
- پُتلیاں (امّی ، ابّو ، زارا اور علی)
- اُردو کا گلدستہ 'چنبیلی' صفحہ ۳۹ سے ۵۵

## تجویز کردہ معاون کُتب

- قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل صفحہ ۴۲ سے ۴۳
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۱۸ سے ۲۶
- معاون کتاب 'تارے' صفحہ ۱۸ سے ۲۴

## تختۂ نرم کی تجاویز: یونٹ ۳

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

### 'و' کے الفاظ

و کے دو حرفی الفاظ

| | | | |
|---|---|---|---|
| بو | جو | دو | لو |
| طو | لو | نو | ہو |

### جملے



یہ تاج ہے۔


وہ کار ہے۔


یہ دادا جان ہیں۔


میں گڑیا ہوں۔

### صاف رہو



### ذخیرۂ الفاظ

| | | | |
|---|---|---|---|
| یہ | ہے | ہیں | میں |
| ہوں | رہتے | میری | میرا |
| پاکستان | گھر | کون | شکریہ |

### چھوٹی اشکال

ب و ﺑـــو بو

ج و ﺟـــو جو

### پاکستان

میری جان ہے پاکستان
پاکستان پاکستان
میرا مان ہے پاکستان
پاکستان پاکستان
میری شان ہے پاکستان
پاکستان پاکستان
میرا ہے یہ پاکستان
پاکستان پاکستان

نوٹ: تجاویز زیادہ دینے کا مقصد یہ ہے کہ آپ یہ چیزیں اور کام تختۂ نرم پر اپنی منصوبہ بندی کے مطابق لگاتے رہیے۔ ایک وقت میں وہی کام/فلیش کارڈز/ تصاویر لگائیے جو کام آپ جماعت میں کروا رہے ہوں تاکہ بچوں کو اس سے مدد مل سکے۔

## پڑھیے لکھیے ........... (صفحہ ۳۹)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- حروفِ تہجّی کا اعادہ کرسکیں۔
- نقطوں کی پہچان کی مشق کرسکیں۔
- کاپی میں دیا گیا کام کرسکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز (حروفِ تہجّی)
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۳۹

### پیریڈز : ۱۔۲

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- حروفِ تہجّی کے نام اور آوازیں پڑھائیے۔
- چنبیلی کے صفحے پر کام کروائیے۔
- کاپی میں تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کام کروائیے۔

## لکھیے پڑھیے ........... (صفحہ ۴۰)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- تین حرفی الفاظ (’ا‘ کے ساتھ) کا اعادہ کرسکیں۔
- ’یہ‘ ،’وہ‘ اور ’ہے‘ کی پہچان کا اعادہ کرسکیں۔
- ’یہ‘ ،’وہ‘ اور ’ہے‘ کی لکھائی کرسکیں۔
- ان الفاظ کے جملے ’ا‘ کے تین حرفی الفاظ کے ساتھ بناسکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۴۰

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

### پیریڈز : ۲

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- بچّے 'یہ' اور 'ہے' کی پہچان رکھتے ہیں کیونکہ گزشتہ درجوں میں یہ الفاظ وہ بصری پڑھائی میں شامل رکھے گئے ہیں۔ چنبیلی کا یہ صفحہ پہلے بچّوں سے پڑھوایئے۔
- تختۂ تحریر پر 'یہ' لکھیے اور طلبہ و طالبات سے ہوا میں دو انگلیوں کی حرکت سے صحیح بناوٹ کی مشق کروایئے۔ اسی طرح 'وہ' اور 'ہے' سکھایئے۔ تختۂ تحریر پر پُورا صفحہ بنا کر لکھائی کے طریقے کی وضاحت کیجیے۔ بچّوں سے کام کرواتے وقت نگرانی کیجیے کہ وہ دُرست لکھ رہے ہوں۔
- کاپی میں کام تختۂ تحریر پر الگ سمجھا کر کروایئے۔
- بچّے جملے بنا کر ان کے سامنے تصاویر بھی بنائیں اور رنگ بھی بھریں۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۱۵ تا ۱۶ پر کام کروایئے۔

## لکھیے پڑھیے ............ (صفحہ ۴۱)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- بصری طریقے سے پڑھائے جانے والے الفاظ 'ہیں' اور 'میں' کی پڑھائی اور لکھائی کرسکیں۔
- ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کرکے لکھ سکیں۔
- اپنا نام لکھنا سیکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- چنبیلی صفحہ ۴۱

- تختۂ تحریر
- رنگین پنسلیں

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

- صفحہ ۴۰ ہی کی طرح اس صفحے کا کام بھی کروائیے۔ پہلے پڑھائی اور پھر لکھنے سے قبل ہوا میں دُرست بناوٹ سے لکھنا سکھائیے۔
- کاپی میں بچّوں کے ناموں کی مشق کروائیے۔
- وقت ہونے کی صورت میں A4 سائز کاغذ پر ان کے نام اور ان کی بنائی ہوئی ان کی اپنی تصویر بھی بنوا کر گھر بھیجی جا سکتی ہے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۱۷ کا کام کروائیے۔

# صاف رہو ............ (صفحہ ۴۲)

## مقاصد




طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- ذاتی صفائی کے بارے میں ضروری معلومات حاصل کرسکیں۔
- صوتی اور بصری طریقے سے سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ پر مبنی جملے پڑھ سکیں۔
- صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی سرگرمیاں کر سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۴۲

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۱۔۲

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔
- چنبیلی کا صفحہ ۴۲ دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔
- ذاتی صفائی سے متعلق گفتگو کیجیے۔ آداب بھی سکھایئے۔ بتایئے کہ صاف ستھرا رہنے سے صحت بھی اچھی رہتی ہے اور ہم چاق و چوبند رہ کر اپنے سارے کام بخوبی کرتے ہیں۔ معمولاتِ یومیہ کے بارے میں بھی گفتگو کیجیے کہ صبح اُٹھتے ہی پہلا کام ہاتھ مُنھ دھونا ہے۔ ہر جمعے ناخن کاٹنا ضروری ہے۔
- بچّوں سے رومال منگوایئے ہاتھ دھونے کی سرگرمی کروایئے اور رومال سے ہاتھ خشک کروایئے۔

# پاکستان (نظم) ........... (صفحہ ۴۳)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- حُبّ الوطنی کا جذبہ پیدا کرسکیں۔
- بصری ذخیرۂ الفاظ میں نئے الفاظ ’میری‘، ’میرا‘ اور ’پاکستان‘ کی پہچان کرسکیں۔
- دیے گئے جھنڈے میں ہرا رنگ بھر سکیں۔
- قائدِ اعظم اور علّامہ اقبال سے متعارف ہوسکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۴۳
- ہرے رنگ کی پنسلیں




### تجویز کردہ معاون کتاب

- معاون کتاب ’تارے‘

## پیریڈ : ۱

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔

- ترنّم اور لَے سے ترانہ پاکستان پڑھائیے۔
- کتاب پر جھنڈے میں رنگ بھروائیے۔
- قائدِاعظم اور علّامہ اقبال سے متعارف کروائیے۔ (قائدِاعظم نے پاکستان بنایا۔ علّامہ اقبال ہمارے قومی شاعر ہیں۔)

تجویز: جھنڈیاں بنوا کر گھر بھیجی جا سکتی ہیں۔

- (تجویز) معاون کتاب 'تارے' سے صفحہ ۱۶ پر موجود ترانہ پڑھائیے۔


## 'و' سے ملانا (ب کا خاندان) ........... (صفحہ ۴۴)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- 'ب' کا خاندان مصوّتے 'و' سے ملانا سیکھ سکیں۔
- 'و' سے ملنے والی 'ب' کے خاندان کی چھوٹی اشکال سیکھ سکیں۔
- کاپی میں خوش خط لکھنے اور حروف الگ کرنے کا کام کرسکیں۔

### مددگار مواد




- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۴۴
- چنبیلی صفحہ ۱۱۹ (ہدایات برائے اساتذہ)

### تجویز کردہ معاون کُتب

- قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

### پیریڈز : ۳

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی کہانی سُنایئے۔

تجویز: تعارف کے بعد قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' سے صفحہ ۴۲ سے پڑھائی کروائیے۔ بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوائیے۔ ضرورت ہو

تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروایئے۔ چنبیلی ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۱۹ کی مدد لیجیے۔ بورڈ پر بڑے حروف کرداروں کی طرح بنایئے جیسے صفحے پر بنائے گئے ہیں۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوایئے۔

- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔

| | |
|---|---|
| | |
| | بو ب و |
| | |

- کاپی میں کالم بنا کر کام کروایئے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۱۹ پر کام کروایئے۔

## ’و‘ سے ملانا (ج کا خاندان) ........... (صفحہ ۴۵)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- ’ج‘ کے خاندان کو مصوّتے ’و‘ سے ملانا سیکھ سکیں۔
- ’ج‘ اور ’ب‘ کے خاندان کی ’و‘ سے ملنے والی شکلوں کو پہچان سکیں۔
- ’و‘ کے دو حرفی ارکان کاپی میں تین تین بار خوش خط لکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۴۵

### تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

### پیریڈز : ۲

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی کہانی سُنایئے۔

بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوایئے۔ ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروایئے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوایئے۔

- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروایئے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۲۰ پر کام کروایئے۔

## ’و‘ سے ملانا (شرارتی حروف) ........... (صفحہ ۴۶)


### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کر سکیں۔
- شرارتی نو حروف مصوّتے ’و‘ سے ملانا سیکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۴۶




### تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

### پیریڈز : ۲

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی ہدایت کے مطابق شرارتی حروف کا اعادہ کروایئے۔ وہی پُتلیاں استعمال کیجیے جو تعارف میں کی گئی تھیں۔ بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوایئے۔ ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروایئے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوایئے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروایئے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۲۱ پر کام کروایئے۔


# ایک گھر ............ (صفحہ ۴۷ تا ۴۸)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- اپنے والدین کی احسان مندی اور خدمت کا جذبہ پیدا کرسکیں۔
- گھر میں داخل ہونے کے آداب ، السّلامُ علیکم ، وعلیکم السّلام کہنا سیکھ سکیں۔
- کہانی میں دیا گیا بصری ذخیرۂ الفاظ پڑھ سکیں۔

## مددگار مواد




- فلیش کارڈز (کہانی کا ذخیرۂ الفاظ)
- چنبیلی صفحہ ۴۷ تا ۴۸
- چنبیلی صفحہ ۱۲۷ (ہدایات برائے اساتذہ)

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- کہانی کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز دکھا کر دُہرائی کروایئے۔
- صفحہ ۴۷ کے زیریں حاشیے میں دی گئی ہدایات پر عمل کیجیے۔
- کہانی سُنانے کے بعد زبانی سوالات کیجیے۔
- صفحہ ۴۸ پر دیا گیا کاپی کا کام کروایئے۔

تجویز : اس کہانی کا رول پلے جماعت میں گروپ بنوا کر باری باری کروایئے۔ بچّوں کو کہانی کے کردار بنا دیجیے۔ جملے دُہرانے کی مشق کروایئے۔ یہ رول پہلے اسمبلی میں بھی پیش کروایا جا سکتا ہے تا کہ تمام جماعتوں کے بچّوں تک یہ پیغام پہنچ سکے۔

# ’و‘ سے ملانا (س ش ص ض ط ظ) ............ (صفحہ ۴۹)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- حروف کے جوڑے ’س ش‘ ’ص ض‘ اور ’ط ظ‘ مصوّتے ’و‘ سے ملانا سیکھ سکیں۔
- کاپی میں ان دوحرفی ارکان کو خوش خط لکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۴۹

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی کہانی سُنائیے۔ ’س ش‘ کے شوشوں کی گنتی ، ’ص ض‘ کے سِروں کی دُرست بناوٹ کا خیال رکھوایئے۔ بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوایئے۔ ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروایئے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوایئے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروایئے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۲۲ پر کام کروایئے۔

## ’و‘ سے ملانا (ع غ ف ق ک گ) ............ (صفحہ ۵۰)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کر سکیں۔
- حروف کے جوڑوں ’ع غ‘، ’ف ق‘ اور ’ک گ‘ مصوّتے ’و‘ سے ملانا سیکھ سکیں۔
- ’و‘ سے ملے ان دو حرفی ارکان کو کاپی میں تین تین بار خوش خط لکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۵۰
- کاپی

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی کہانی سُنایئے۔ بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوایئے۔ ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروایئے۔ واضح کیجیے کہ 'ا' سے ملتے ہوئے 'ک گ' گول ہوئے تھے (کا گا) اب 'و' سے ملتے ہوئے ایسا نہیں ہوگا۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوایئے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروایئے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۲۳ پر کام کروایئے۔

## 'و' سے ملانا (ل م ن ہ) ........... (صفحہ ۵۱)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کر سکیں۔
- 'ل م ن ہ' مصوّتے 'و' سے ملانا سیکھ سکیں۔
- ان دو حرفی ارکان کو کاپی میں خوش خط لکھ سکیں۔
- حروف کی 'و' سے ملنے والی چھوٹی اشکال پہچان کر بڑے حروف سے ملا سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز – 'و' کے چار حرفی الفاظ کا تعارف
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۵۱
- کاپی

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے 'و' کے چار حرفی الفاظ کی پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی کہانی سُنایئے۔ بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوایئے۔ ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروایئے۔ واضح کیجیے کہ 'ل'، 'ا' کے ساتھ ملتے ہوئے لائن پر بیٹھا تھا۔ اب لائن سے اُوپر ہے۔ 'ہ'، 'ا' سے ملتے ہوئے لائن پر تھا اب ایک شوشا بنا کر لائن سے اوپر ہے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوایئے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروایئے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۲۴ پر کام کروایئے۔

# الگ کیجیے ........... (صفحہ ۵۲)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- 'و' کے چار حرفی الفاظ پڑھنا سیکھ سکیں۔
- 'و' کے تمام حروف کے ساتھ دو حرفی ارکان کا اعادہ کرسکیں۔
- 'و' کے دو حرفی ارکان کے حروف پہچان کر الگ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز – 'و' کے چار حرفی الفاظ
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۵۲
- کاپی

## تجویز کردہ معاون کتاب

- قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ دوم

## پیریڈز: ۲۔۳

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- یہ پڑھائی طلبہ و طالبات کے ہاتھوں میں دوحرفی ارکان دے کر کھڑا کر کے بھی کروائی جا سکتی ہے۔





- تمام دوحرفی الفاظ کی دُہرائی کروائیے۔
- (تجویز) قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ دوم صفحہ ۴۶ پڑھائیے۔
- تختۂ تحریر پر کتاب کے صفحے کے دائیں جانب کا حصّہ لکھیے۔ تمام امثال لکھ کر حروف الگ کر کے دکھائیے۔ بچّوں سے کام کروائیے۔
- دوسری جانب کے حروف الگ کرنے کا کام تختۂ تحریر پر سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کام کروائیے۔

## ملائیے الگ کیجیے (جانچ) ........... (صفحہ ۵۳)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- 'و' کے دوحرفی ارکان ملانے اور الگ کرنے کی جانچ کا کام کرسکیں۔




### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۵۳
- کاپی

## پیریڈز: ۱۔۲

### طریقۂ کار

- تختۂ تحریر پر پہلے 'ملائیے' کا کام سمجھائیے صرف ایک مثال سمجھانے کے بعد بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے کہ وہ یہ کام خود کریں۔
- اسی طرح وقت ہونے کی صورت میں اُسی دن ورنہ دوسرے پیریڈ میں 'الگ کیجیے' کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- اُن بچّوں کے نام اپنے پاس نوٹ کیجیے جن کو ابھی مزید وضاحت اور مشق کی ضرورت ہے۔ وقت نکال کر اُنھیں الگ سے سمجھائیے تاکہ وہ بقیہ جماعت کے ساتھ آ جائیں۔

# میرا گاؤں ............ (صفحہ ۵۴ تا ۵۵)


## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- مختلف قسم کے/ اپنے اردگرد کے ماحول سے واقفیت حاصل کرسکیں۔
- صوتی اور بصری ذخیرۂ الفاظ پر مبنی الفاظ اور جملے خود پڑھ سکیں۔
- تصاویر کا بغور مشاہدہ کرسکیں اور اُن کے متعلق کیے جانے والے سوالات کے جوابات دے سکیں (وجوہات بتانا ، اندازہ لگانا ، اپنی رائے کا اظہار زبانی اور تصویری کرنا)
- دیے گئے جملوں کے دُرست الفاظ چُن کر دائرہ بنا سکیں۔

## مددگار مواد

- صوتی اور بصری ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز
- چنبیلی صفحہ ۵۴ تا ۵۵
- چنبیلی صفحہ ۱۲۸ (ہدایات برائے اساتذہ)




## پیریڈز : ۲۔۳

## طریقۂ کار

- ان صفحات پر موجود ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز کا اعادہ کروایئے۔
- صفحہ ۵۴ کے زیریں حاشیے میں دی گئی ہدایات پر عمل کیجیے۔
- صفحہ ۱۲۸ پر دی گئی کہانی سُنایئے اور سوالات کیجیے۔
- صفحہ ۵۵ پر دی گئی مشق کا کام بورڈ پر لکھ کر اور سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کام : بچّوں کو اُن کے نام خوش خط لکھ کر دیجیے۔ ان سے پنسل پھروایئے اور خود سے لکھنے کی ایک یا دو بار مشق کروایئے۔
- بکری ، گائے اور بطخ کی تصاویر بنانے/ چپکانے کے بعد ان کی آوازیں لکھوایئے۔

# یونٹ ۴

## یونٹ کے مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

اس یونٹ میں دیے گئے کام اور سرگرمیوں کے ذریعے زبان کی چاروں مہارتوں (سُننا ، بولنا ، پڑھنا ، لکھنا) کی ترویج ونشوونما کرسکیں۔

فہم : پیلے رنگ کی پہچان کرسکیں۔ معموّں میں ’ و‘ کے چار اور تین حرفی الفاظ پہچان کر رنگ بھرسکیں۔ ’ مانو کہاں ہے‘ ، ’ کالا طوطا ‘ اور نظم ’آؤ کھیلیں‘ کے مرکزی خیال ، واقعات کی ترتیب ، مناظر اور کرداروں کی پہچان کرسکیں۔ زبانی سوالوں کے جواب دے سکیں اور دی گئی سرگرمیاں کرسکیں۔ اُردو گنتی ۱ ۔ ۵ تک ہندسوں میں سمجھ سکیں۔

پڑھنا : صوتیات۔ مصوّتے ’و‘ کے دو حرفی ارکان سے بننے والے چار حرفی الفاظ اور ان سے بننے والے جملوں کی دُرست ادائیگی کرسکیں۔ مصوّتے ’ا‘ کے دو حرفی ارکان کے مصوّتے ’و‘ کے دو حرفی ارکان سے مل کر بننے والے چار حرفی الفاظ اور جملے پڑھ سکیں۔ (بانو ، طوطا) مصوّتے ’ا‘ اور مصوّتے ’و‘ کے تین حرفی الفاظ میں مصوّتے پہچان کر لکھ سکیں۔

بصری ذخیرۂ الفاظ۔ سیکھے گئے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کرسکیں (دیکھیے فرہنگ) ، نئے الفاظ پڑھ سکیں۔

نئے الفاظ : ہرا ، بلّی ، کے ، نرم ، پسند ، باہر ، اچھے ، موسم ، سے ، سی ، سائیکل

لکھنا : اُردو گنتی ’ ۱ ‘ سے ’۵ ‘ تک ہندسوں میں لکھ سکیں۔ مصوّتے ’ و‘ کے چار حرفی الفاظ اور اُن پر مبنی جملے لکھ سکیں۔ بے ترتیب الفاظ ترتیب دے کر جملے لکھ سکیں۔ خالی جگہ میں دُرست حرف اور لفظ لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز ، تختۂ تحریر ، رنگین پنسلیں ، کبوتروں کے پَر اور کٹ آؤٹس ، پنسلوں کی تراش (پنسل تراشنے پر نکلی ہوئی چھیلن)
- اُردو کا گلدستہ ’چنبیلی‘ صفحہ ۵۶ سے ۴۷ ، معاون کتاب ’تارے‘ صفحہ ۲۵ سے ۳۰

## تجویز کردہ معاون کُتب

- قاعدہ ’پڑھیے اور سیکھیے‘ حصّہ اوّل صفحہ ۴۴
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۲۷ سے ۳۱

## تختۂ نرم کی تجاویز: یونٹ ۴

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

### و کے چار حرفی الفاظ

| | | |
|---|---|---|
| بولو | سوچو | تولو |
| جوڑو | روکو | ٹوکو |

### او

| | | |
|---|---|---|
| جاگو | مانو | کاٹو |

### وا

| | | |
|---|---|---|
| روتا | سوتا | طوطا |

### و کے تین حرفی الفاظ کے جملے

طوطا بول رہا ہے۔

یہ گیند گول ہے۔

مور ناچ رہا ہے۔

### و کے تین حرفی الفاظ

| | | |
|---|---|---|
| جوڑ | سوچ | |
| | | |
| | | |

### مانو کہاں ہے؟



وہ کیا ہے؟

کیا مانو ہے؟

### آؤ کھیلیں

یہ گول گول گیند
یہ گول گول گیند
سے آؤ کھیلیں



یہ پیاری سی گڑیا
یہ پیاری سی گڑیا
سے آؤ کھیلیں



### اُردو گنتی

| | |
|---|---|
| ۱ | |
| ۲ | |
| ۳ | |
| ۴ | |
| ۵ | |

### ذخیرۂ الفاظ

### رنگ

پیلا





### بچّوں کی نگارشات

چنبیلی سے 'زارا کی بلّی' اور 'مانو کہاں ہے؟' کے ذخیرۂ الفاظ

بچّوں کی بنائی ہوئی تصاویر

نوٹ: تجاویز زیادہ دینے کا مقصد یہ ہے کہ آپ یہ چیزیں اور کام تختۂ نرم پر اپنی منصوبہ بندی کے مطابق لگاتے رہیے۔ ایک وقت میں وہی کام/فلیش کارڈز/ تصاویر لگائیے جو کام آپ جماعت میں کروا رہے ہوں تاکہ بچوں کو اس سے مدد مل سکے۔

## 'پیلا' رنگ اور لفظ کی پہچان ........... (صفحہ ۵۶)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- پیلے رنگ کی پہچان سکیں۔
- لفظ پیلا کی بصری طریقۂ تدریس سے پہچان کرسکیں۔
- دی گئی تصاویر میں سے پیلے رنگ کی تصاویر پر دائرہ بنا سکیں۔

### مددگار مواد

- پیلے رنگ کی اشیا – اصلی اشیا مثلاً انڈے کی زردی ، پیلے پُھول
- فلیش کارڈ – لفظ پیلا
- چنبیلی صفحہ ۵۶

### پیریڈز : ۳

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے دیے گئے الفاظ اور لفظ پیلا کی پڑھائی کروایئے۔
- صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی ہدایت پر عمل کیجیے۔
- پیلے رنگ کا دن منایئے اور اس میں مختلف سرگرمیاں کروایئے۔ وہ سرگرمیاں جو نیلے رنگ کے لیے کروائی گئی تھیں وہی کروائی جا سکتی ہیں۔
- اصلی اشیا مثلاً انڈے کی زردی ، پیلے رنگ کے پُھول جماعت میں دِکھایئے۔
- چنبیلی کے صفحے پر کام کروایئے۔ پیلے رنگ کی چیزوں پر دائرہ بنوایئے۔
- بچّوں کو گھر لے جانے کے لیے پیلا سیب ، پیلا سورج کے کٹ آؤٹس میں رنگ بھروا کر دیجیے۔

## لکھیے رنگ بھریئے ............ (صفحہ ۵۷)


### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- اُردو گنتی ۱ سے ۵ ہندسوں میں پڑھنا اور لکھنا سیکھ سکیں۔
- گنتی کے لحاظ سے اشیا گِن سکیں ، قدر (value) جان سکیں۔
- گنتی (ہندسوں) کو پہچان کر دی گئی جگہ میں ہندسوں کی مناسبت سے تصویریں بنا سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز ۔ گنتی ۱۔۵ ہندسے
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۵۷
- موتی پرونے کے لیے ربڑ چڑھی تار یا رسّی



## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔ بچّوں کو کارڈز کے ساتھ مختلف اشیا مثلاً پنسلیں ، کتابیں وغیرہ رکھ کر گنتی کے ہندسے سکھایئے۔ ایک ربڑ چڑھی تار یا رسّی میں گن کر موتی پرونے کی سرگرمی کروایئے۔
- تختۂ تحریر پر صفحے کا پہلا حصّہ بنا کر کام کرنے کا طریقہ سمجھایئے۔ ہندسوں کی بناوٹ سکھاتے ہوئے ہوا ، ریت ، سلیٹ پر بھی مشق کروایئے۔ صفحے پر کام کروایئے اور نگرانی کیجیے کہ طلبہ و طالبات دُرست بناوٹ سے تیر کے نشانات کی سمت ہی میں لکھ رہے ہوں۔
- صفحے کے دوسرے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر سمجھا کر کروایئے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۲۸ پر کام کروایئے۔
- کاپی میں کام کے لیے کاپی میں کالم بنا کر دیجیے۔تختۂ تحریر پر ایک مثال سمجھا کر کام کروایئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| | اُردو گنتی | | |
| | ۱ | ۱ ۱ |  |
| | ۲ | ۲ ۲ |  |

## پڑھیے لکھیے ............ (صفحہ ۵۸)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- 'و' کے چار حرفی الفاظ سے متعارف ہوسکیں۔

- 'و' کے چار حرفی الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔
- معمّے سے 'و' کے چار حرفی الفاظ پہچان کر رنگ بھر سکیں۔
- کاپی میں 'و' کے چار حرفی الفاظ خوش خط لکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۵۸


## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

### پیریڈز: ۲۔۳

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔
- بعد ازاں طلبہ و طالبات کو 'و' کے دو حرفی الفاظ کے فلیش کارڈ پکڑا کر کھڑا کروائیے۔ باقی بچّے الفاظ پڑھیں۔




- تختۂ تحریر پر صفحے کا پہلا حصّہ لکھ کر تمام الفاظ کی پڑھائی کروانے کے بعد بچّوں سے کتاب میں کام کروائیے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کالم بنوا کر دیے گئے الفاظ تین تین بار خوش خط لکھوائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۲۵ گھر کے کام کے طور پر مزید مشق کروائی جا سکتی ہے۔

## پڑھیے لکھیے ........... (صفحہ ۵۹)


### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو سکیں گے کہ

- صوتی اور بصری طریقے سے سکھائے گئے الفاظ کے جملے خود پڑھ سکیں۔

- جملے لکھ سکیں۔
- بے ترتیب الفاظ ترتیب دے کر دُرست جملے نقل کر سکیں۔
- کاپی میں جملوں کو خوش خط نقل کر کے تصاویر بنا سکیں۔

## مددگار مواد




- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۵۹

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- طلبہ و طالبات کو فلیش کارڈ دے کر کھڑا کر کے یا فلیش کارڈز تختۂ تحریر پر چسپاں کر کے جملوں کی پڑھائی کروائیے۔

| | | |
|---|---|---|
| دادا | کو | روکو |

- یہی کام میز پر کارڈز رکھ کر بچّوں سے جملے بنوا کر کروایا جا سکتا ہے۔
- تختۂ تحریر پر چنبیلی صفحہ ۵۹ کا کام لکھ کر کام کرنے کا طریقہ سمجھائیے۔
- کتاب میں کام کروائیے۔
- کاپی میں کام بھی تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھا کر کروائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۱۴ پر کام کروائیے۔

## پڑھیے لکھیے ............ (صفحہ ۶۰)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو سکیں گے کہ

- 'ا' اور 'و' کے دو حرفی ارکان کو ملا کر چار حرفی الفاظ بنا سکیں۔
- 'ا' اور 'و' کے چار حرفی الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔
- کاپی میں خوش خط لکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ٦٠

## تجویز کردہ معاون کتاب

- قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل

### پیریڈ: ا

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔

ما نو مانو کا ٹو کاٹو

- تختۂ تحریر پر لکھ کر صفحے کا کام سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کام کے لیے کالم بنا کر خوش خط لکھوائیے۔
- (تجویز) قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل سے صفحہ ۴۳ کی پڑھائی کروائیے۔

## پڑھیے لکھیے ........... (صفحہ ٦١)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- 'ا' اور 'و' کے چار حرفی الفاظ پڑھ سکیں۔
- 'ا' اور 'و' کے چار حرفی الفاظ کے جملے پڑھ سکیں اور نقل کر سکیں۔
- بے ترتیب الفاظ دُرست ترتیب سے لکھ کر جملے بنا سکیں۔
- کاپی میں جملے خوش خط لکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ٦١

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار


- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔
- فلیش کارڈز بچّوں کو دے کر، کھڑا کر کے تختۂ تحریر پر چسپاں کر کے اور میز پر رکھ کر جملے بنانا سکھایئے۔
- کتاب میں کام کروایئے۔
- کاپی کا کام سمجھا کر کروایئے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۲۶ پر کام کروایئے۔

# مانو کہاں ہے؟ ........... (صفحہ ۶۲ تا ۶۳)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- تصویروں کا بغور مشاہدہ کرسکیں اور ان کے بارے میں زبانی سوالات کے جوابات دے سکیں۔
- صوتی اور بصری طریقے سے سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کو پڑھ سکیں۔
- کہانی کا مرکزی خیال 'پالتو جانوروں کا خیال رکھنا' سمجھ سکیں۔
- دیا گیا کاپی کا کام کرسکیں۔
- دی گئی سرگرمی کرسکیں۔




## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- چنبیلی صفحہ ۶۲ تا ۶۳
- چنبیلی صفحہ ۱۲۸ (ہدایات برائے اساتذہ)

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروایئے۔

- طلبہ و طالبات کو دونوں صفحات کی تصاویر غور سے دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔
- باری باری اور ترتیب وار ہر تصویر کے بارے میں بات چیت اور سوالات کیجیے۔ کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ منظر میں موجود تمام چیزوں اور کرداروں کے حُلیے اور چہرے کے تاثرات کے بارے میں گفتگو کر کے بغور مشاہدے کی صلاحیتوں کو بڑھایئے۔ کون کیا کر رہا ہے؟
- صفحہ ۶۲ کی ہدایت پر عمل کیجیے اور صفحہ ۱۲۷ سے کہانی پڑھ کر سُنایئے اور زبانی سوالات کیجیے۔
- کاپی کا کام کروایئے۔
- سرگرمی کروایئے۔ یہ سرگرمی جماعت کے بچّوں کو گروپ میں تقسیم کر کے کروایئے۔ زارا، علی، طوطا اور بلّی کے کردار بانٹیے اور اُن سے مکالمے دُہروا کر ڈراما کروایئے۔

## پڑھیے لکھیے ............ (صفحہ ۶۴)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- 'و' اور 'ا' کے دوحرفی ارکان سے چارحرفی الفاظ بنا سکیں۔
- 'و' اور 'ا' کے چارحرفی الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔
- کاپی میں ان الفاظ کو خوش خط لکھ سکیں اور تصاویر بنا سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۶۴

### تجویز کردہ معاون کتاب

- قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل

### پیریڈز: ۲

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔



- تختۂ تحریر پر مکمل صفحہ ۶۴ بنائیے۔ تمام الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔
- کتاب میں کام کروائیے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ سمجھا کر کام کروائیے۔
- (تجویز) قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل سے صفحہ ۴۳ سے پڑھائی کروائیے۔

# کالا طوطا ........... (صفحہ ۶۵)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- بصری اور صوتی طریقۂ تدریس سے سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کو خود پڑھ سکیں۔
- کہانی سُن کر سمجھ سکیں اور اُس سے متعلق زبانی سوالات کے جوابات دے سکیں۔
- عبارت پڑھ کر دی گئی خالی جگہ میں دُرست لفظ چُن کر لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- چنبیلی صفحہ ۶۵
- چنبیلی صفحہ ۱۲۹ (ہدایات برائے اساتذہ)

## پیریڈز : ۱۔۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ کھلوا کر تصویر دیکھنے اور عبارت خود پڑھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔
- خود عبارت پڑھیے۔ بچّوں کی نظریں اور شہادت کی اُنگلی اُس لفظ پر ہی ہوں جو آپ پڑھ رہے ہوں۔
- بچّوں سے عبارت دُہرانے کے لیے کہیے۔
- ہدایات برائے اساتذہ کے صفحے سے کہانی سُنائیے اور دیے گئے زبانی سوالات کے ذریعے بچّوں کی سوچنے ، سمجھنے اور موازنہ کرنے کی صلاحیتوں کو فروغ دیجیے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھائیے۔
- بچّوں سے خود کرنے کے لیے کہیے۔ مدد اور حوصلہ افزائی کیجیے۔

# پڑھیے لکھیے ............ (صفحہ ٦٦)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- نئے الفاظ 'میرا' اور 'ہرا' کے ساتھ 'و' اور 'ا' کے الفاظ ملا کر جملے پڑھ سکیں۔
- جملے نقل کر سکیں۔
- کاپی میں جملے بنانے کا کام کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ٦٦


## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- 'و' اور 'ا' کے چار حرفی الفاظ کی پڑھائی کا اعادہ کروائیے۔




- نئے الفاظ 'میرا' اور 'ہرا' کا تعارف کروا کر جملہ پڑھوائیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| میرا | طوطا | ہرا | ہے۔ |
| میرا |  | لال | ہے۔ |

کچھ چیزیں رکھوا کر مزید جملے بنوائیے جا سکتے ہیں۔

- دیے گئے جملے بورڈ پر لکھ کر پڑھوائیے اور کتاب میں کام کروائیے۔
- کاپی میں کام تختۂ تحریر پر سمجھا کر کروائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۲۹ پر کام کروائیے۔

## پڑھیے لکھیے ............ (صفحہ ۶۷)


### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- مصوّتوں کی پہچان کا اعادہ کرسکیں۔
- کاپی میں دیا گیا کام سمجھ کر کرسکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۶۷




### تجویز کردہ معاون کتاب

- قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل

### پیریڈز : ۲

### طریقۂ کار

- (تجویز) قاعدے سے پڑھائی کروائیے۔
- صفحہ ۶۷ کھلوائیے۔ صفحے پر نچلی بائیں جانب دیے گئے الفاظ پڑھوائیے۔ اُن کے مصوّتے پوچھیے۔ تختۂ تحریر پر صفحہ ہوبہو بنائیے۔
- بچّوں سے پوچھ کر 'ا ا' کے خانے میں جاتا ، نانا ، کالا لکھوائیے۔ اسی طرح 'او' کے خانے میں جاگو ، کاٹو ، بانو لکھوائیے۔ 'وا' کے خانے میں طوطا ، سوتا ، رونا لکھوائیے۔

نوٹ : کوشش کیجیے کہ بچّے خود ہی پہچان کر لکھیں۔

## زارا کی بلّی ............ (صفحہ ۶۸)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- نئے الفاظ 'بلّی' ، 'نرم' اور 'پسند' متعارف ہوسکیں۔

- صوتی اور بصری طریقۂ تدریس سے سکھائے گئے الفاظ پر مبنی جملے پڑھ سکیں۔
- خالی جگہ میں دُرست لفظ چُن کر لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۶۸

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- چنبیلی صفحہ ۶۸ پر لکھے گئے جملے خود پڑھنے کا وقت اور موقع دیجیے۔
- اس کے بعد آپ خود پڑھیے اور بچّوں کی نظر چنبیلی کے صفحے کی عبارت کے ہر لفظ پر ہو۔
- بچّوں سے باری باری ایک ایک جملہ پڑھوائیے۔
- خالی جگہ میں لکھنے کا کام تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کام تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھائیے اور کروائیے۔

# پڑھیے لکھیے ............ (صفحہ ۶۹)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ
- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- 'و' کے تین حرفی الفاظ پڑھ سکیں۔
- 'و' کے تین حرفی الفاظ لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ اور گنتی 'ا سے ۵' ہندسے)
- تختۂ تحریر
- مشق کا کام (کاپی)


## تجویز کردہ معاون کُتب

- قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

- نئے الفاظ 'نرم، پسند' کی پڑھائی کروائیے۔
- گنتی ۱ سے ۵ ہندسے فلیش کارڈز سے سکھائیے۔
- فلیش کارڈز سے 'و' کے تین حرفی الفاظ پڑھوائیے۔
- تختۂ تحریر پر لکھیے۔




- پڑھائی کروانے کے بعد چنبیلی کھلوا کر صفحہ ۶۹ صوتی طریقے سے پڑھائیے۔
- (تجویز) قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل صفحہ ۴۴ کی پڑھائی کروائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ ۶۹ تختۂ تحریر پر لکھ کر کام کا طریقہ سمجھا کر کام کروائیے۔
- کاپی میں تین تین بار خوش خط لکھوائیے۔ کالم بنا کر کروائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۲۷ کروائیے یا بطور گھر کا کام دے دیجیے۔

# تین حرفی الفاظ مشق ............ (صفحہ ۷۰)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- 'و' کے دو حرفی ارکان کے مفرد حروف 'ر' اور 'ل' سے ملا کر تین حرفی الفاظ بنا سکیں۔
- خالی جگہ میں دُرست لفظ چُن کر لکھ سکیں۔ (جانچ)

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز

- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۷۰

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

- پہلے صفحے کے اوپری حصّے کا کام کروایئے۔ تختۂ تحریر پر صفحہ ۷۰ پر بنی تتلیاں بنایئے۔ الفاظ بنانے کی ایک مثال دے کر الفاظ بنانے کا کام کروایئے۔
- صفحے کے نیچے کے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- بچّوں کی اس جانچ کے نتائج اپنے پاس نوٹ کیجیے تاکہ جن بچّوں کو دشواری ہے اُن کی مدد کر کے بہتری پیدا کی جا سکے۔
- کاپی میں تین تین بار خوش خط لکھوایئے۔ کالم بنا کر کروایئے۔

# تین حرفی الفاظ (جانچ) ........... (صفحہ ۷۱)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- 'و' کے تین حرفی الفاظ بنانے کی جانچ کا کام کرسکیں۔
- 'و' کے تین حرفی الفاظ کے حروف الگ کرنے کی جانچ کا کام کرسکیں۔
- کاپی میں دیا گیا کام کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۷۱

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔
- صفحے کے پہلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھا کر کروایئے۔
- صفحے کے دوسرے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھا کر کروایئے۔

- ’حروف الگ کیجیے‘ کی جانچ کا کام کاپی میں کروایئے۔
- بچّوں کی جانچ کے نتائج نوٹ کیجیے تا کہ جن بچّوں کو مزید مشق اور توجّہ کی ضرورت ہے اُن کی مدد کی جا سکے۔

## ’ا‘ اور ’و‘ کے تین حرفی الفاظ کی پہچان ............ (صفحہ ۷۲)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- تین حرفی الفاظ میں مصوّتے پہچان سکیں۔
- دیے گئے معمّے میں ’و‘ کے تین حرفی الفاظ پہچان کر رنگ بھر سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۷۲

### تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

### پیریڈ: ۱

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے ذریعے اعادہ کروایئے۔
- صفحے کے پہلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھا کر کروایئے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر لکھ کر کچھ امثال بچّوں سے پوچھ کر لکھ کر سمجھایئے۔
- نیچے دی گئی جگہوں میں دیے گئے الفاظ میں موجود صرف مصوّتے لکھوایئے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۳۱ پر کام کروایئے۔

## نظم ’آؤ کھیلیں‘ ............ (صفحہ ۷۳ تا ۷۴)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- صوتی اور بصری طریقۂ تدریس سے سیکھے گئے الفاظ پڑھ سکیں۔

- دُہرائے جانے والے الفاظ پہچان کر پڑھنے کا اعتماد حاصل کرسکیں۔
- نظم کے آہنگ اور لَے سے متعارف ہوسکیں۔
- تاثرات اور حرکات وسکنات سے پڑھنا سیکھ کر نظم سے لُطف اُٹھاسکیں۔

## مددگار مواد

- ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز
- اصلی اشیا گُڑیا، گیند، سائیکل
- تختۂ تحریر۔ رنگین پنسلیں
- چنبیلی صفحہ ۴۳ تا ۴۷

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔
- کتابیں کھلوا کر طلبہ و طالبات کو تصویریں دیکھنے اور خود سے پڑھنے کی کوشش کرنے کا موقع اور وقت دیجیے۔
- نظم تاثرات اور حرکات وسکنات سے پڑھ کر سُنائیے۔
- بچّوں کے ساتھ دُہرائیے۔

نوٹ: یہ نظم جماعت سے باہر لے جا کر گُڑیا، گیند اور سائیکل سے کھیلتے ہوئے زبانی پڑھائیے تاکہ آپ اور بچّے لُطف اُٹھاسکیں۔

- چنبیلی کے صفحہ ۴۷ پر دی گئی جگہ میں باغ / پارک میں جا کر بچّے کیا کرتے ہیں، اُن سے تصاویر بنوائیے۔ اُن کی بنائی تصاویر کی حوصلہ افزائی کیجیے اور پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ وہاں جا کر آپ کیا کرتے ہیں؟ نوٹ: بچّوں کی بنائی تصاویر بہت واضح نہیں ہوتی ہیں لیکن وہ جو بھی بنا رہے ہیں اُن کی حوصلہ افزائی اور acknowledgment ضروری ہے۔
- کاپی میں کام: الگ سے تختۂ تحریر پر سمجھا کر کروائیے۔

# یونٹ ۵

## یونٹ کے مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

اس یونٹ میں دیے گئے کام اور سرگرمیوں کے ذریعے زبان کی چاروں مہارتوں (سُننا ، بولنا ، پڑھنا ، لکھنا) کی ترویج ونشوونما کرسکیں۔

فہم : ہرا رنگ پہچان سکیں۔ کہانی 'صاف رہو صاف رکھو' کے ذریعے ماحولیاتی شعور حاصل کرسکیں۔ نظم 'سوچو جو یہ ہو' کے ذریعے تخیل کو وُسعت دیتے ہوئے لُطف اُٹھا سکیں۔ تصویری تفہیم 'اپنی باری لو' کے ذریعے نظم و ضبط کی اہمیت جان سکیں۔ ترتیبی مہارت کو فروغ دے سکیں اور ٹریفک کے اشاروں سے متعارف ہوسکیں۔

پڑھنا : صوتی اور بصری طریقے سے سکھائے گئے الفاظ پر مبنی جملے خود پڑھ سکیں۔

صوتی اور بصری طریقے سے سکھائے جانے والے الفاظ پر مبنی عبارتیں خود پڑھ سکیں۔

صوتیات : مصوّتے 'ی' کے ساتھ تمام حروفِ تہجّی کے دو حرفی ارکان بنا سکیں، اُن کے حروف الگ کرسکیں۔ مصوّتے 'ا' اور 'و' کے دو حرفی ارکان کے ساتھ مل کر بننے والے چار حرفی الفاظ (باجی ، موتی) اور ان کے جملے پڑھ سکیں۔

بصری ذخیرۂ الفاظ۔ سیکھے گئے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کرسکیں (دیکھیے فرہنگ) ، نئے الفاظ پڑھ سکیں۔

نئے الفاظ : پنسل ، بستہ ، رکھو ، کریں ، اپنی ، کھیلو ، کرو ، چلو ، بتّی ، ہری ، پیلی

لکھنا : لفظ ''میری'' کی لکھائی کرسکیں۔ مصوّتے 'ی' کے ساتھ حروفِ تہجّی کی دُرست اشکال بناتے ہوئے دو حرفی اور چار حرفی الفاظ اور اُن پر مشتمل جملے لکھ سکیں۔ دو حرفی اور چار حرفی الفاظ کے حروف الگ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز ، تختۂ تحریر ، پنسلیں ، کارڈ بورڈ کی بڑی گاڑیوں کے کٹ آؤٹ ، گتّے کا سگنل
- چنبیلی صفحہ ۷۵ تا ۹۴

## تجویز کردہ معاون کُتب

- قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل صفحہ ۴۵ سے ۴۶
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۳۲ سے ۳۹
- معاون کتاب 'تارے' صفحہ ۳۱ سے ۳۷

تختۂ نرم کی تجاویز: یونٹ ۵

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## ی کے دو حرفی الفاظ

| | | | |
|---|---|---|---|
| بی | جی | دی | سی |
| فی | کی | لی | نی |

## ی کے چار حرفی الفاظ

| | | |
|---|---|---|
| چابی | باجی | تالی |
| ٹوپی | روٹی | موتی |


## ی کے الفاظ کے جملے


وہ دادی جان ہیں۔


یہ میری باجی ہیں۔


مانو شام کو سوتی ہے۔


## سوچو جو یہ ہو!



ایک تھا بندر
سمندر کے اندر



گائے نے دیے
بہت سے انڈے



یہ لال بتّی ہے۔
یہ پیلی بتّی ہے۔
یہ ہری بتّی ہے۔

بتّی لال ہے۔ گاڑی روک دو۔

## ذخیرۂ الفاظ

| | | | |
|---|---|---|---|
| میری | میرا | پنسل | بستہ |
| ہرا | رہو | رکھو | کریں |
| کھیلو | کرو | چلو | اپنی |

## رنگ



ہرا

## بچّوں کی نگارشات

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |

صفائی سے متعلق بچّوں کی بنائی گئی تصاویر

نوٹ: تجاویز زیادہ دینے کا مقصد یہ ہے کہ آپ یہ چیزیں اور کام تختۂ نرم پر اپنی منصوبہ بندی کے مطابق لگاتے رہیے۔ ایک وقت میں وہی کام/ فلیش کارڈز/ تصاویر لگائیے جو کام آپ جماعت میں کروا رہے ہوں تاکہ بچوں کو اس سے مدد مل سکے۔

## ہرا رنگ اور لفظ کی پہچان ............ (صفحہ ۷۵)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- ہرے رنگ کی پہچان سکیں۔
- لفظ ہرا کی بصری طریقۂ تدریس سے پہچان کرسکیں۔
- دی گئی تصاویر میں سے ہرے رنگ کی تصاویر پہچان کر دائرہ بنا سکیں۔

### مددگار مواد

- ہرے رنگ کی اصلی اشیا مثلاً پتے، پنسل، کاغذ، ہرا طوطا
- فلیش کارڈ – لفظ ہرا
- چنبیلی صفحہ ۷۵

### پیریڈز : ۲

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے لفظ ہرا کی پڑھائی کروائیے۔
- صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی ہدایت پر عمل کیجیے۔
- ہرے رنگ کا دن منائیے۔

### مختلف سرگرمیوں کی تجاویز

- پاکستان کے جھنڈے میں رنگ بھروانا / ہرے رنگ کے پتّوں کا کولاج / ہرے پینٹ سے ہاتھوں / انگلیوں کے پرنٹ کروانا۔ گھر لے جانے کے لیے ہرے طوطے کے کٹ آؤٹس دیے جا سکتے ہیں۔ اگر جھنڈے بنوائے ہوں تو وہ دیجیے۔

## بصری الفاظ کی پڑھائی ............ (صفحہ ۷۶)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- بصری طریقے سے سکھائے جانے والے الفاظ کی پڑھائی کرسکیں۔
- رنگوں کے نام سیکھ سکیں۔
- جملے پڑھ کر دُرست لفظ پر دائرہ بنا سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۷۶

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔
- تختۂ تحریر پر چنبیلی صفحہ ۷۶ پر دیے گئے جملے لکھ کر پڑھائی کروایئے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام بھی تختۂ تحریر پر لکھ کر ہی سمجھایئے۔ ایک مثال واضح کیجیے۔
- طلبہ و طالبات کو خود سے کام کرنے کی ہدایت دیجیے۔ حوصلہ افزائی کیجیے۔ بعد ازاں تختۂ تحریر پر خود دائرے بنا کر اُن سے اپنا کام خود ✓ یا × کرنے کی ہدایت دے کر دُرستی کروایئے۔
- کاپی میں کالم بنوا کر دیے گئے رنگوں کے نام تین تین بار خوش خط لکھوا کر تصاویر بنوایئے اور رنگ بھروایئے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۱۴ پر کام کروایئے۔

## ’ی‘ سے ملانا (ب کا خاندان) ........... (صفحہ ۷۷)

### مقاصد


طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- ’ب‘ کے خاندان کے حروف مصوّتے ’ی‘ سے ملانا سیکھ سکیں۔
- ’ب‘ کے خاندان کے حروف کی ’ی‘ سے ملنے والی چھوٹی اشکال کی پہچان کرسکیں۔
- کاپی میں ’ب‘ کے خاندان کے ’ی‘ سے مل کر بننے والے دو حرفی ارکان خوش خط لکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

- چنبیلی صفحہ ۷۷
- چنبیلی صفحہ ۱۱۹ (ہدایات برائے اساتذہ)




## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۴

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے نئے الفاظ متعارف کروایئے۔
- تختۂ تحریر پر 'ا ، و ، ی ، ے' کی آوازوں کا اعادہ (دُہرائی) کروایئے۔
- 'ا' کے ساتھ اور 'و' کے ساتھ ملانے کا اعادہ کروایئے۔

مثلاً :

| ا | | | و | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ب | ا | با | ب | و | بو |
| ج | ا | جا | ج | و | جو |

- اب 'ی' کے ساتھ ملانا سکھایئے۔ بتایئے کہ 'ی' کے ساتھ ملتے ہوئے حروف اپنی شکلیں بدلتے ہیں اور 'ی' بھی اپنا سر ہٹا دیتی ہے۔

مثلاً : ب ی    بہ ی بی
ج ی    جہ ی جی




- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی کہانی سُنایئے۔
بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوایئے ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروایئے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوایئے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- چنبیلی کا صفحہ دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروایئے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۶ پر کام کروایئے۔

## 'ی' سے ملانا (ج کا خاندان) ............ (صفحہ ۷۸)


### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کر سکیں۔
- 'ج' کے خاندان کو مصوّتے 'ی' سے ملانا سیکھ سکیں۔
- 'ج' کے خاندان کی 'ی' کے ساتھ ملنے والی چھوٹی اشکال کی پہچان کر سکیں۔
- کاپی میں 'ج' کے 'ی' سے مل کر بننے والے ارکان کی خوش خطی کر سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۷۸
- کاپی



۱۰ چ جـ ح خ

ج ب خ چ ح

کاپی میں کام

تین تین بار خوش خط لکھیے۔ جی ، چی ، حی ، خی

ہدایت : دیے گئے حروف مصوّتے 'ی' کے ساتھ ملانے کی کہانی سُنائیے۔ حروف کی شکل کی تبدیلی کی وضاحت کیجیے۔

دیکھیے ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۱۹۔ مقصد: مصوّتے 'ی' کے ساتھ 'ج' کے خاندان کو ملانا اور چھوٹی اشکال کی پہچان۔

OXFORD UNIVERSITY PRESS ۷۸

## تجویز کردہ معاون کتاب

- خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (foot note) میں دی گئی کہانی سُنائیے۔
- بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوائیے ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروائیے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوائیے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۳۴ پر کام کروائیے۔

# 'ی' سے ملانا (شرارتی حروف) ............ (صفحہ ۷۹)


## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے دیا گیا ذخیرۂ الفاظ پڑھ سکیں۔
- شرارتی حروف د ڈ ذ ر ڑ ز ژ کو 'ی' سے ملا کر دو حرفی ارکان بنا سکیں۔
- کاپی میں تین تین بار خوش خط لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- شرارتی حروف کی پُتلیاں (جو پہلے بھی استعمال کی جا چکی ہیں)
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۷۹
- کاپی




## تجویز کردہ معاون کتاب


- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد شرارتی حروف کی پُتلیوں کے ذریعے دلچسپ انداز میں ان کی خصوصیت کا ذکر کرتے ہوئے تختۂ تحریر پر دو حرفی ارکان لکھ کر پڑھائی کروایئے۔
- چنبیلی صفحہ ۷۹ پر کام کروایئے۔
- کاپی میں کالم بنوا کر تین تین بار خوش خط لکھوایئے۔
- (تجویز) مزید مشق کے لیے اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۳۵ پر کام کروایئے یا گھر کے کام میں دیجیے۔

## صاف رہو۔ صاف رکھو ............ (صفحہ ۸۰)




### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- ماحولیاتی شعور حاصل کر سکیں۔
- صاف رہنے اور اپنا ماحول صاف رکھنے کے بارے میں جان سکیں۔
- کہانی میں لکھے گئے بصری اور صوتی ذخیرۂ الفاظ پر مبنی الفاظ خود پڑھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز (کہانی کا ذخیرۂ الفاظ)
- چنبیلی صفحہ ۸۰
- چنبیلی ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۲۹

## پیریڈ : ۱

## طریقۂ کار

- چنبیلی کا صفحہ ۸۰ بغور دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔ تصویر کے بارے میں باری باری سوالات کیجیے۔ کون کون نظر آرہا ہے؟ کیا کیا نظر آرہا ہے؟ کیا ہو رہا ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ یہ کہاں کا منظر ہے؟ آپ کے خیال میں یہ سب لوگ یہاں کیوں آئے ہیں؟
- مشاہداتی سوالات کے بعد طلبہ و طالبات کو چنبیلی صفحہ ۱۲۸ سے کہانی تاثرات کے ساتھ پڑھ کر سُنائیے۔ کچھ طلبہ و طالبات سے آپ اپنی سُنائی کہانی دُہرانے کے لیے کہیے۔ کہانی کے زبانی سوالات اسی صفحے ۱۲۹ سے پڑھ کر کیجیے۔ اس طرح اس کہانی کا مرکزی خیال واضح کیجیے۔
- کاپی میں کام: دیا گیا کام کاپی میں کروائیے۔ دی گئی سرگرمی کروائیے۔

# ’ی‘ سے ملانا (س ش ص ض ط ظ) ............ (صفحہ ۸۱)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کر سکیں۔
- حروف کے جوڑوں ’س ش ، ص ض ، ط ظ‘ کو مصوّتے ’ی‘ سے ملانا سیکھ سکیں۔
- کاپی میں تین تین بار خوش خط لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۸۱

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (foot note) میں دی دی گئی کہانی سُنائیے۔
- بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوائیے ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروائیے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوائیے۔

نوٹ : شوشوں کی گنتی کا خیال رکھیے ’ی‘ کے ساتھ ملتے ہوئے ’س‘ اور ’ش‘ کا ایک ایک شوشا گر جاتا ہے۔ تختۂ تحریر پر بڑا لکھ کر بنائیے۔

- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۳۶ پر کام کروائیے۔

# ’ی‘ سے ملانا (ع غ ف ق ک گ) ............ (صفحہ ۸۲)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- حروف کے جوڑوں ع غ ، ف ق ، ک گ مصوّتے ’ی‘ سے ملانا سیکھ سکیں۔
- کاپی میں تین تین بار خوش خط لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۸۲

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (foot note) میں دی گئی کہانی سُنائیے۔
- بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوائیے ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروائیے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوائیے۔ (یاد رکھیے ہر بار آپ کو تمام ہدایات دُہرانی ہوں گی کہ ’ی‘ نے اپنا سر ہٹا لیا......)
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۳۷ پر کام کروائیے۔

# 'ی' سے ملانا (ن م و ہ) ............ (صفحہ ۸۳)


## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- ل ، م ، ن ، ہ مصوّتے 'ی' سے ملانا سیکھ سکیں۔
- کاپی میں ان دو حرفی ارکان کو تین تین بار خوش خط لکھ سکیں۔
- دیے گئے جملے پڑھنے اور لکھنے کی مشق کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز ۔ لی ، می ، نی ، ہی (دو حرفی) باجی ، گاڑی ، روٹی ، کوٹی۔
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۸۳




## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز کے ذریعے دو حرفی ارکان کا اعادہ کروانے کے بعد چار حرفی الفاظ کا تعارف کروائیے۔ ایسی کئی مثالیں پڑھوایئے۔
- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (foot note) میں دی گئی کہانی سُنائیے۔
- طلبہ و طالبات سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوایئے ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروائیے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوایئے۔
- وضاحت کیجیے کہ 'ا' اور 'و' کے ساتھ ملتے ہوئے م نیچے سے اوپر مثلاً ما مو اور 'ی' کے ساتھ اوپر سے بنایا جاتا ہے مثلاً می۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختہ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۳۸ پر کام کروائیے۔

## الگ کیجیے ........... (صفحہ ۸۴)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کی پہچان کرسکیں۔
- ملے ہوئے حروف کی پہچان کرسکیں۔
- 'ی' کے دوحرفی الفاظ کے حروف الگ کرسکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۸۴

### پیریڈ : ۱

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر سمجھا کر کام کروائیے۔
- نگرانی کیجیے کہ طلبہ و طالبات دُرست طریقے سے لکھ رہے ہوں۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔

## ملائیے الگ کیجیے ........... (صفحہ ۸۵)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- 'ی' کے ساتھ دیے گئے حروف ملا کر دوحرفی ارکان بنا سکیں۔
- 'ی' کے ساتھ بنے دوحرفی ارکان کے حروف پہچان کر مکمل شکل میں الگ الگ لکھ سکیں۔ (جانچ)
- کاپی میں اسی نوعیت کی جانچ کا کام کرسکیں۔

### مددگار مواد

- تختۂ تحریر، کاپی
- چنبیلی صفحہ ۸۵

### پیریڈ : ۱

## طریقۂ کار


- مصوّتے 'ی' کے ساتھ مل کر بنے دو حرفی الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ تختۂ تحریر پر آدھا لکھیے۔ (ملایئے) کام سمجھایئے، کروانے کے بعد دوسرا حصّہ تختۂ تحریر پر لکھ کر الگ کرنے کا کام کروایئے۔ ایک ساتھ دونوں کام کروانے سے بچّوں کو مشکل درپیش ہو سکتی ہے۔
- اسی طرح صفحے کے زیریں حاشیے میں دیے گئے دو حرفی الفاظ ملانے اور الگ کرنے کا کام کاپی میں بھی کروایئے۔
- کام کے دوران کچھ بچّوں کو مدد کی ضرورت ہوگی ان کی انفرادی طور پر مدد کیجیے۔
- اُن طلبہ و طالبات کے نام نوٹ کیجیے جن کو بہت زیادہ مشکل درپیش تھی۔ اُن بچّوں کی الگ سے وقت دے کر مدد کیجیے۔

# سوچو تو یہ ہو (نظم) ........... (صفحہ ۸۶ تا ۸۷)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- طلبہ و طالبات نظم کی صنف سے آگاہ ہو کر لُطف اُٹھا سکیں۔
- تخیل کی وسعت، حاضر دماغی اور مزاح سے لُطف اندوز ہونے کی صلاحیتوں کی نشوونما کر سکیں۔
- نظم سُن کر دُہرا سکیں۔
- زبانی سوالات کے جوابات سوچ کر دے سکیں۔
- نظم کا عنوان خود پڑھ اور لکھ سکیں۔
- اپنے پسندیدہ منظر کی تصویر بنا سکیں۔




## مددگار مواد

- فلیش کارڈز بصری ذخیرۂ الفاظ
- چنبیلی صفحہ ۸۶ تا ۸۷
- چنبیلی صفحہ ۱۲۹ ہدایات برائے اساتذہ

## پیریڈز : ۱۔۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے منتخب الفاظ کی پڑھائی کروایئے۔
- طلبہ و طالبات کو چنبیلی کے صفحات دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔
- صفحہ ۸۶ کے زیریں حاشیے میں دی گئی ہدایت پر عمل کیجیے۔
- صفحے کے زیریں حاشیے (foot not) میں دیا گیا کاپی کا کام کروایئے۔
- خود بھی مزا لیجیے اور بچّوں کی out of the box سوچنے کی صلاحیتوں کو فروغ دیجیے۔

# پڑھیے لکھیے ............ (صفحہ ۸۸)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- 'ا' اور 'و' کے دو حرفی ارکان سے 'ی' کے دو حرفی ارکان ملا کر چار حرفی الفاظ بنا سکیں۔
- کاپی میں کام کر سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۸۸

## تجویز کردہ معاون کُتب

- قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم


## پیریڈز : ۲


## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ اور 'ی' کے دو حرفی الفاظ پڑھوایئے۔ 'ا' کے دو حرفی اور 'و' کے دو حرفی الفاظ کے کارڈز ساتھ رکھ کر پڑھوایئے۔

مثلاً : | با | جی | | با | لی | | مو | تی | | رو | تی |

- یہی کام تختۂ تحریر پر لکھ کر بھی کروایئے۔









- (تجویز) طلبہ و طالبات سے اس طرح کے الفاظ کی پڑھائی کروانے کے بعد قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل صفحہ ۴۶ کی پڑھائی کروایئے۔
- تختۂ تحریر پر صفحے کے اوپر کے حصّہ کا کام لکھیے۔ پڑھوایئے اور کتاب میں کام کروایئے۔

- صفحے کے نچلے حصّے کا کام بھی اسی طرح کروایئے۔
- کاپی میں بھی یہی الفاظ لکھوا کر مشق کروایئے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۳۹ پر کام کروایئے۔

## پڑھیے لکھیے ............ (صفحہ ۸۹ تا ۹۰)




### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ پر مبنی جملے پڑھ سکیں۔
- بے ترتیب الفاظ کو دُرست ترتیب دے کر جملے لکھ سکیں۔
- کاپی میں جملے بنانے کا کام کرسکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی (صفحہ ۸۹ تا ۹۰)


### تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

### پیریڈز : ۲

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔ ان ہی فلیش کارڈز کو تختۂ تحریر پر چسپاں کرکے یا طلبہ و طالبات کے ہاتھوں میں پکڑا کر جملے بنا کر پڑھوایئے۔




- تختۂ تحریر پر چنبیلی کا صفحہ بنا کر پڑھوایئے۔ بچّوں سے بے ترتیب الفاظ دُرست کر کے جملے پڑھوایئے۔
- کاپی میں کام سمجھا کر کروایئے۔ جملے بنانے میں بچّوں کو مدد درکار ہوگی۔
- دونوں صفحات کا کام اسی طرح کروایئے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۴۱ پر کام کروایئے۔

# لفظ بنائیے (جانچ) ............ (صفحہ ۹۱)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- چار حرفی الفاظ بناسکیں۔
- چار حرفی الفاظ کے حروف پہچان کر مکمل شکل میں الگ الگ لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- کاپی
- چنبیلی (صفحہ ۹۱)

## پیریڈ : ۱

## طریقۂ کار

- چار حرفی الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ تختۂ تحریر پر آدھا لکھیے۔ (ملائیے) کام سمجھائیے ، کروانے کے بعد دوسرا حصّہ تختۂ تحریر پر لکھ کر الگ کرنے کا کام کروائیے۔ ایک ساتھ دونوں کام کروانے سے بچّوں کو مشکل درپیش ہوسکتی ہے۔
- اسی طرح کچھ منتخب چار حرفی الفاظ ملانے اور الگ کرنے کا کام کاپی میں بھی کروائیے۔
- کام کے دوران کچھ بچّوں کو مدد کی ضرورت ہوگی ان کی انفرادی طور پر مدد کیجیے۔
- اُن طلبہ و طالبات کے نام نوٹ کیجیے جنھیں آپ کی مدد کی الگ سے ضرورت ہے۔ وقت دیجیے اور اُن کی مدد کرکے اُنھیں جماعت کے باقی طلبہ و طالبات کے ساتھ لائیے۔

# لفظ بنائیے ............ (صفحہ ۹۲)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- سکھائے گئے کاموں کی جانچ کا کام کرسکیں۔
- سکھائے گئے 'ا' اور 'و' کے چار حرفی الفاظ کی پہچان کرسکیں۔
- سکھائے گئے 'ا' اور 'و' کے چار حرفی الفاظ بنا سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۹۲


### پیریڈز : ۲

### طریقۂ کار

- تختۂ تحریر پر صفحے کے اوپر کی جانب کا کام بنائیے۔
- ایک مثال واضح کیجیے اور طلبہ و طالبات کو خود کام کرنے دیجیے تا کہ آپ دُرست اندازہ لگا سکیں کہ انھیں یہ کام کتنی حد تک سمجھ آ گیا ہے۔
  جن طلبہ و طالبات کو دشواری ہو اُن کے نام نوٹ کیجیے اور الگ سے وقت نکال کر اُن کی مدد کیجیے۔
- صفحے کے دوسرے حصّے کا کام بھی تختۂ تحریر پر بنا کر سمجھائیے۔ یا اس حصّے کی بڑی فوٹو کاپی کر کے بورڈ پر لگا کر کام کا طریقہ سمجھائیے۔
- کاپی کا کام الگ سمجھا کر کروائیے۔

## تفہیم : اپنی باری لو ........... (صفحہ ۹۳)

### مقاصد




طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- صوتی اور بصری طریقۂ تدریس سے سکھائے گئے الفاظ پڑھ سکیں۔
- تصاویر بغور دیکھ کر اُن کے بارے میں گفتگو کر سکیں۔
- نظم و ضبط کی اہمیت پہچان سکیں۔
- دیکھی گئی تصویروں کے رول پلے (ڈراما) کر سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- کمرۂ جماعت اور کمرۂ جماعت سے باہر کی جگہ مثلاً راہداری ، باغ ، کھیل کا میدان
- چنبیلی صفحہ ۹۳

### پیریڈ : ۱۔۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ ۹۳ دیکھنے کا وقت اور موقع دیجیے۔
- تصاویر کے بارے میں گفتگو اور سوالات کیجیے۔
- نظم و ضبط سے کھیل اور کام کرنا کیوں ضروری ہے؟ سوالات کے ذریعے ہی سمجھائیے۔ قطار میں چلنے سے سب کی آرام سے باری آ سکتی ہے ورنہ دھکم پیل سے کسی کو چوٹ لگ سکتی ہے۔ جماعت میں سب کے ایک ساتھ بولنے سے شور ہوتا ہے اور کسی کی بات بھی سمجھ نہیں آتی۔
- جماعت میں اور جماعت سے باہر رول پلے کروائیے۔
- قطار بنا کر چلنے اور باری باری ہاتھ اُٹھا کر بات کرنے پر تمام طلبہ و طالبات کو اسٹار دیجیے۔

# تفہیم ............ (صفحہ ۹۴)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- بغور مشاہدہ کر کے چیزوں کی ترتیب کا اندازہ لگا سکیں۔
- دی گئی تصاویر میں ترتیب پہچان کر اگلی تصویر چُن کر دائرہ بنا سکیں۔
- دیے گئے جملے پڑھ سکیں اور دی گئی سرگرمی کر سکیں۔

## مددگار مواد


- فلیش کارڈز (تصویری اور دیے گئے الفاظ)
- تختۂ تحریر
- گتّے / کارڈ بورڈ کا سگنل ، رنگین کاغذ
- کارڈ بورڈ سے بنی گاڑیاں
- چنبیلی صفحہ ۹۴

## تجویز کردہ معاون کتاب

- معاون کتاب 'تارے'




## پیریڈز : ۲


## طریقۂ کار




- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر صفحے کے اوپر کے حصّے کا کام بنا کر سمجھائیے۔
- بچّوں کو خود کام کرنے میں مدد دیجیے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کے جملے باری باری پڑھوائیے۔
- صفحے کے زیریں حاشیے میں دی گئی سرگرمی کروائیے۔
- فلیش کارڈز سے بتّی ہری پیلی پڑھوائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ ۹۴ پڑھوائیے اور ٹریفک کے بارے میں سمجھائیے ، قانون توڑنے سے کیا نقصان ہوتا ہے سمجھائیے۔
- بچّوں کو جھوٹ موٹ گاڑیاں بنائیے ، جماعت میں گتّے کا سگنل بنا کر رکھیے۔
- بچّے گاڑیوں کی طرح چلیں۔ آپ سگنل کی لال بتّی کی طرف اشارہ کریں تو وہ رُک جائیں پیلی کی طرف اشارہ کریں تو وہ تیار رہیں اور ہری پر چلنا شروع کریں۔

  نوٹ : نظم و ضبط کا خیال رکھتے ہوئے یہ ڈرامے کی طرح کروائیے۔
- (تجویز) معاون کتاب 'تارے' صفحہ ۳۰ تا ۳۱ کی پڑھائی اور سرگرمیاں کروائیے۔



- اُوپر دیے گئے خاکوں میں رنگ بھر کر گتّوں پر چپکائیے۔ بچّوں کے گروپس بنا کر اُن سے یہ باری باری بورڈ پر چپکانے یا میز/دری پر رکھنے کی سرگرمی کروائیے۔ یہ سرگرمی اُن کی ترتیبی مہارت (Sequencing Skill) کی نشونما کے لیے ہے۔

# یونٹ ۶

## یونٹ کے مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ
اس یونٹ میں دیے گئے کام اور سرگرمیوں کے ذریعے زبان کی چاروں مہارتوں (سُننا، بولنا، پڑھنا، لکھنا) کی ترویج و نشوونما کرسکیں۔

فہم : معمّے میں 'ے' کے دوحرفی ارکان پہچان سکیں۔ (ا و ی ے) کے الفاظ کا اعادہ کرسکیں۔ نظم 'بلّی اور چُوہا' کے ذریعے ضد سے متعارف ہوسکیں۔ کہانی کے مرکزی خیال (بخشو بی بلّی چُوہا لنڈورا ہی بھلا) سمجھ سکیں۔ کرداروں اور مناظر سے واقف ہوسکیں۔ واحد جمع سے متعارف ہوسکیں۔

پڑھنا : صوتیات۔ مصوّتے 'ے' سے ملنے والے حروفِ تہجّی کے دوحرفی ارکان کی دُرست ادائیگی کرسکیں۔ مصوّتے 'ا' اور 'و' کے دوحرفی ارکان سے مل کر بننے والے چارحرفی الفاظ (باجے ، موزے) اور ان پر مبنی جملے دُرست پڑھ سکیں۔ صوتی طریقے سے سکھائے گئے الفاظ پر مشتمل نظم 'زارا کی مانو' خود پڑھ سکیں۔

بصری ذخیرۂ الفاظ۔ سیکھے گئے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کرسکیں (دیکھیے فرہنگ) ، نئے الفاظ پڑھ سکیں۔

نئے الفاظ : چُوہا ، نیچے ، اوپر ، آگے ، پیچھے ، اندر ، بازار ، پانچ

لکھنا : مصوّتے 'ے' سے ملنے والے حروفِ تہجّی کی دُرست اشکال بناتے ہوئے دوحرفی ، چارحرفی الفاظ اور ان پر مشتمل جملے لکھ سکیں۔ چاروں مصوّتوں کے ساتھ دوحرفی ارکان دُرست طریقے سے لکھنے کا اعادہ کرسکیں۔ چارحرفی الفاظ کے حروف الگ کرسکیں۔ ان میں مصوّتے پہچان کر الگ لکھ سکیں۔ اُردو گنتی ایک سے پانچ اُردو ہندسوں اور الفاظ میں لکھ سکیں۔ خالی جگہ میں دُرست لفظ لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (فرہنگ) ، تختۂ تحریر ، کاپی اور رنگین پنسلیں ، ماسک (بلّی اور چُوہا)
- کُتب: اُردو کا گلدستہ چنبیلی صفحہ ۶۲ سے ۷۸

## تجویز کردہ معاون کُتب

- قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل صفحہ ۴۷ سے ۴۸
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۴۰ سے ۵۸
- معاون کتاب 'تارے' صفحہ ۳۸ سے ۵۲

تختۂ نرم کی تجاویز: یونٹ ٦

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## ے کے دو حرفی الفاظ

| | | |
|---|---|---|
| دے | جے | بے |
| غے | طے | سے |
| نے | لے | کے |


## ے کے چار حرفی الفاظ

| | | |
|---|---|---|
| کالے | تارے | باجے |
| موزے | بولے | توڑے |

## ے کے الفاظ کے جملے

یہ دو تالے ہیں۔ 

امّی نے دانے ڈالے۔ 

گاڑی کونے میں ہے۔ 

## بلّی اور چُوہا



میری یہ بلّی
میرا یہ چُوہا



ہی ہی ہی ہی
ہا ہا ہا ہا

| | | |
|---|---|---|
| ایک | ۱ |  |
| دو | ۲ |  |
| تین | ۳ |  |
| چار | ۴ |  |
| پانچ | ۵ |  |

| ے | ی | و | ا |
|---|---|---|---|
| باجے | باجی | سوچو | بابا |
| تالے | ڈالی | موڑو | دادا |

## رنگ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہرا | پیلا | نیلا | لال |



## بچّوں کی نگارشات

بچّوں کی بنائی ہوئی اپنے پسندیدہ منظر کی تصاویر

نوٹ: تجاویز زیادہ دینے کا مقصد یہ ہے کہ آپ یہ چیزیں اور کام تختۂ نرم پر اپنی منصوبہ بندی کے مطابق لگاتے رہیے۔ ایک وقت میں وہی کام/فلیش کارڈز/ تصاویر لگائیے جو کام آپ جماعت میں کروا رہے ہوں تاکہ بچوں کو اس سے مدد مل سکے۔

## اُردو گنتی ............ (صفحہ ٩٥)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- اُردو گنتی (١ سے ٥ ہندسوں اور الفاظ) سے متعارف ہوسکیں۔
- گنتی اور اس کی قدر سے آگاہ ہوسکیں۔



### مددگار مواد

- فلیش کارڈز ، اُردو گنتی ۔ ایک سے پانچ ہندسے اور الفاظ
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ٩٥

### پیریڈ : ١

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔
- جماعت میں موجود اشیا رکھ کر اُن کے ساتھ گنتی کے کارڈز رکھیے۔

مثلاً : ایک  دو  تین 

- صفحے پر گنتی سے تصویری خانے ملانے کا کام کروایئے۔

## 'ے' سے ملانا (ب کا خاندان) ............ (صفحہ ٩٦)


### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- 'ب' کے خاندان کو بنیادی مصوّتے 'ے' سے ملانا سیکھ سکیں۔
- سکھائے گئے مصوّتوں 'ا و ی' اور اب 'ے' کے ساتھ ملنے والی 'ب' کے خاندان کی اشکال کا فرق پہچان سکیں اور انھیں دُرست مصوّتوں سے ملاسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (’ے‘ کے دوحرفی ارکان)
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۹۶ اور صفحہ ۱۱۹ (ہدایات برائے اساتذہ)




## تجویز کردہ معاون کُتب

- قاعدہ ’پڑھیے اور سیکھیے‘ حصّہ اوّل
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (foot note) میں دی گئی کہانی سُنائیے۔
- بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوائیے۔ ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروائیے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوائیے۔
- ’ے‘ سے ملانے کا طریقہ چنبیلی کی ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۱۹ سے دیکھیے۔

نوٹ : خیال رکھیے کہ بچّے ے کی گولائی میں مڑنے کی بناوٹ کا خیال رکھیں۔ ے نوک نہ بنائیں۔

- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کہانیاں دُہرائیے کہ ’ا‘ سے ملتے ہوئے ’ب‘ کے خاندان نے کیسی شکل بنائی تھی ’و‘ سے ملتے ہوئے سیڑھی لگا کر۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کون سی شکل اُوپر گئی تھی۔ اسی طرح ’ی‘ سے ملتے ہوئے کیا شکلیں بنی تھیں اور اب ’ب‘ کا خاندان ’ے‘ سے کیسے مل رہا ہے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروائیے۔ حل شدہ صفحے کا آخری حصّہ لگائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۴۴ پر کام کروائیے۔

# ’ے‘ سے ملانا (ج کا خاندان) ........... (صفحہ ۹۷)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- ’ج‘ کا خاندان بنیادی مصوّتے ’ے‘ سے ملانا سیکھ سکیں۔
- ’ج‘ کے خاندان کی باقی تینوں مصوّتوں سے ملنے والی اشکال کا اعادہ کرتے ہوئے چاروں مصوّتوں سے دُرست چھوٹی اشکال ملا سکیں۔

## مددگار مواد


- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۹۷

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۲

## طریقہ کار





- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (foot note) میں دی گئی کہانی سُنایئے۔
- طلبہ و طالبات سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوایئے۔ ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروایئے۔ دیکھیے کہ بچّے انگلش کے حرف Z کی شکل نہ بنائیں بلکہ 'ے' کا کونا گول بنائیں۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوایئے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروایئے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۴۵ پر کام کروایئے۔

# 'ے' سے ملانا (شرارتی حروف) ............ (صفحہ ۹۸)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کر سکیں۔
- 'د' سے 'ژ' (شرارتی حروف) مصوّتے 'ے' سے ملانا سیکھ سکیں۔
- کاپی میں دیا گیا کام کر سکیں۔




## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۹۸

## تجویز کردہ معاون کتاب


- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (foot note) میں دی گئی ہدایت پر عمل کیجیے۔ شرارتی حروف کی پتلیاں استعمال کرتے ہوئے یاد دہانی کرائیے کہ یہ حروف الگ ہی لکھے جائیں گے۔ طلبہ و طالبات سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوائیے۔ ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروائیے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوائیے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۴۶ پر کام کروائیے۔

# بلّی اور چُوہا ............ (صفحہ ۹۹ تا ۱۰۰)




## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- سکھائے گئے دو حرفی ، چار حرفی اور ذخیرۂ الفاظ پر مبنی نظم پڑھ سکیں۔
- اُوپر نیچے ، اندر باہر ، آگے پیچھے کے معنی جان سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (نئے بصری الفاظ)
- A4 سائز کا کاغذ یا کاپی
- چنبیلی صفحہ ۱۲۹ ہدایات برائے اساتذہ

## پیریڈز : ٣

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز پڑھوایئے۔
- چنبیلی سے نظم پڑھوایئے۔ چند الفاظ کے سوا تمام نظم خود پڑھ سکیں گے۔

نوٹ : یہ نظم مشہور کہاوت ''بخشو بی بلّی چُوہا لنڈورا ہی بھلا'' کے مرکزی خیال پر مبنی ہے۔ کسی کی باتوں میں نہ آنے کے بارے میں بات کیجیے۔

- زبانی گفتگو سے واضح کیجیے کہ اس نظم میں کیا ہو رہا ہے۔ بلّی ، چُوہے کے پیچھے کیوں لگی ہے؟ (وہ اسے تنگ کر رہا تھا) ، وہ نیچے تھی تو چُوہا کہاں تھا؟ چُوہا آگے تھا اور بلّی؟ ، چُوہا اندر تھا اور بلّی؟ ، چُوہے کی دُم بلّی کے مُنہ میں کیسے آئی؟ (وہ اسے کھانا چاہ رہی تھی لیکن وہ بھاگ کے بل میں چلا گیا) ، وہ بلّی (چُوہے کے گھر) میں نہیں جا سکتی تھی اس لیے اسے بلا رہی تھی ، چُوہا اپنی دُم کیوں واپس نہیں لے رہا تھا؟ (اس لیے کہ وہ دُم لینے باہر نکلتا تو بلّی اسے کھا جاتی)۔
- اس صفحے کے زیریں حاشیے (foot note) میں دی گئی ہدایت کے مطابق اپنے پسندیدہ منظر کی تصویر بنوایئے اور رول پلے کروایئے۔

# 'ے' سے ملانا (س ش ص ض ط ظ) ........... (صفحہ ١٠١)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کر سکیں۔
- حروف کے جوڑوں 'س ش' 'ص ض' 'ط ظ' کو مصوّتے 'ے' سے ملانا سیکھ سکیں۔
- کاپی میں 'ے' کے ساتھ اِن جوڑوں کے دو حرفی ارکان خوش خط لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ١٠١

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ١۔٢

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (foot note) میں دی گئی کہانی سُنایئے۔ اسی

طرح کی کہانی جیسے ’ج‘ کے خاندان کے ساتھ سُنائی گئی تھی۔

- طلبہ و طالبات سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوایئے۔ ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروایئے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوایئے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروایئے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۴۷ پر کام کروایئے۔

## ’ے‘ سے ملانا (ع غ ف ک گ) ........... (صفحہ ۱۰۲)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کر سکیں۔
- حروف کے جوڑوں ع غ ، ف ق ، ک گ مصوّتے ’ے‘ سے ملانا سیکھ سکیں۔
- کاپی میں خوش خط لکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۱۰۲

### تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

### پیریڈز : ۱۔۲

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (foot note) میں دی گئی کہانی سُنایئے۔
- طلبہ و طالبات سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوایئے۔ ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروایئے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوایئے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سمجھا کر کروایئے۔

- کاپی میں کالم بنا کر کام کروائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۸۴ پر کام کروائیے۔

# ’ے‘ سے ملانا (ل م ن و ہ) ........... (صفحہ ۱۰۳)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- ل ، م ، ن ، ہ ، مصوّتے ’ے‘ سے ملانا سیکھ سکیں۔
- مصوّتے ’ے‘ سے ملنے والی حروف کی چھوٹی اشکال مکمل حروف سے ملا سکیں۔
- کاپی میں خوش خط لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (’ے‘ کے چار حرفی الفاظ)
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۱۰۳


## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۱۔۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (foot note) میں دی گئی کہانی سُنائیے۔
- طلبہ و طالبات سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوائیے۔ ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروائیے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوائیے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- ’ا‘ اور ’و‘ کے دو حرفی الفاظ ’ے‘ کے دو حرفی الفاظ کے ساتھ رکھ کر چار حرفی بنانا سکھائیں۔




- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔

- کاپی میں کالم بنا کر کام کروائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۴۱ پر کام کروائیے۔

## الگ کیجیے ............ (صفحہ ۱۰۴)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- بنیادی مصوّتے 'ے' کے ساتھ ملا کر بنائے گئے دو حرفی ارکان کے حروف کی پہچان کر کے الگ الگ لکھ سکیں۔
- کاپی میں بھی منتخب ارکان کے حروف الگ کر کے لکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز ('ا' اور 'و' کے ساتھ مل کر بننے والے چار حرفی الفاظ)
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۱۰۴
- کاپی

### پیریڈز : ۲

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- چنبیلی کے صفحے کے دائیں جانب کا حصّہ تختۂ تحریر پر بنائیے۔
- ایک مثال سمجھائیے۔ طلبہ و طالبات سے پوچھ پوچھ کر باقی ارکان کے حروف بھی الگ کر کے لکھیے۔
- پھر ایک مثال رہنے دیجیے باقی مٹا دیجیے۔
- طلبہ و طالبات کی انفرادی حوصلہ افزائی اور مدد کرتے ہوئے کام کروائیے۔
- اسی طرح صفحے کے دوسرے حصّے کا کام کروائیے۔
- کاپی میں کام الگ سے سمجھا کر کروائیے۔


## ملائیے الگ کیجیے ............ (صفحہ ۱۰۵)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- بنیادی مصوّتے 'ے' کے دو حرفی ارکان بنانے کی جانچ کا کام دُرست طریقے سے کر سکیں۔

- بنیادی مصوّتے 'ے' کے دوحرفی ارکان کے حروف الگ کرنے کی جانچ کا کام دُرست طریقے سے کر سکیں۔
- کاپی میں بھی اسی نوعیت کا کام کر سکیں۔




## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۱۰۵

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔
- پہلے صفحے کے دائیں جانب کا کام تختۂ تحریر پر لکھ کر پڑھایئے۔
- ایک مثال دیجیے اور پھر طلبہ و طالبات کو خود کام کرنے کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- اسی طرح صفحے کے بائیں جانب کا حروف الگ کرنے کا کام کروایئے۔
- کاپی میں بھی اسی نوعیت کے کام کی جانچ لیجیے۔صفحہ ۱۰۵ کے زیریں حاشیے (foot note) میں دیے گئے الفاظ تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھا کر کام کروایئے۔

نوٹ : طلبہ و طالبات کی جانچ کے لیے اِملا بھی لیجیے۔ اِملا کے لیے چند حروف اور چند دوحرفی ارکان منتخب کیجیے۔ اِملا کے بعد تختۂ تحریر پر دُرست لکھ کر دکھایئے اور بچّوں سے خود اصلاحی کروایئے۔

# پڑھیے لکھیے ............ (صفحہ ۱۰۶)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- 'ا' اور 'و' کے دوحرفی ارکان سے 'ے' کے دوحرفی ارکان ملا کر چارحرفی الفاظ بنا سکیں۔
- کاپی میں 'ے' کے چارحرفی الفاظ خوش خط لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۱۰۶

## تجویز کردہ معاون کُتب

- قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم


## پیریڈز : ٢


## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے 'ا' اور 'و' کے دو حرفی ارکان 'ے' کے دو حرفی ارکان کے ساتھ رکھ کر مکمل الفاظ پڑھوائیے۔

مثلاً : | تا | رے | | با | جے | | رو | تے | | کو | نے |

یہی کام تختۂ تحریر پر لکھ کر بھی کروائیے۔




- (تجویز) طلبہ و طالبات سے اس طرح کے الفاظ کی پڑھائی کروانے کے بعد قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل صفحہ ٤٨ پڑھوائیے۔
- تختۂ تحریر پر صفحے کے اوپر کے حصّے کا کام لکھیے، پڑھوائیے اور کتاب میں کام کروائیے۔
- کاپی میں دیے گئے الفاظ خوش خط لکھوائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ٥٦ تا ٥٧ پر کام کروائیے۔

## پڑھیے لکھیے ............ (صفحہ ١٠٧)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- واحد جمع سے غیر رسمی طور پر متعارف ہو سکیں۔
- سیکھے گئے الفاظ کو واحد اور جمع کے صیغے میں استعمال کر سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز (الفاظ اور تصاویر)
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۱۰۷
- کاپی

### پیریڈز : ۱۔۲

### طریقۂ کار

- طلبہ و طالبات سے چار حرفی الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تارا | تارے | تالا | تالے |
| جالا | جالے | باجا | باجے |
| موزا | موزے | طوطا | طوطے |
| جوڑا | جوڑے | کونا | کونے |

- طلبہ و طالبات کو بتائیے کہ ایک تارا ☆ واحد ہے اور تارے ☆ ☆ جمع ہے۔ اسی طرح جماعت کی مختلف چیزوں کی مثالیں دیجیے۔

  یہ ایک بچّہ ہے۔ وہ دو بچّے ہیں۔

  یہ ایک طوطا ہے۔ وہ دو طوطے ہیں۔

- کتاب میں کام کروائیے۔
- زیریں حاشیے میں دیا گیا کاپی کا کام کروائیے۔

## ملائیے لکھیے ............ (صفحہ ۱۰۸ تا ۱۰۹)

### مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- بنیادی مصوّتوں کے ساتھ دو حرفی ارکان بنا سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز ، چار حرفی الفاظ (باجا ، بانو ، طوطا ، باجی ، موتی ، باجے ، موزے)
- تختۂ تحریر

- چنبیلی صفحہ ۱۰۸ ، ۱۰۹

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- تمام مصوّتوں ( ا و ی ے ) کی آوازوں کا اعادہ کروایئے۔ چاروں مصوّتوں کے دو حرفی الفاظ کے منتخب الفاظ تختۂ تحریر پر لکھنا سکھایئے۔
- چنبیلی کے صفحات پر کام کروایئے۔
- کاپی میں کام الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- ( تجویز ) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۵۱ تا ۵۳ پر کام کروایئے۔

# اِملا کی مشق

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- چاروں مصوّتوں کے دو حرفی الفاظ سُن کر لکھ سکیں۔
- اِملا

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ)
- تختۂ تحریر
- کاپی

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز پڑھوایئے۔
- اِملا کرنے کا طریقہ کار دُہرایئے۔ کاپی میں اِملا لیجیے۔ دو کالم بنوا لیجیے۔

ملایئے

| | ا | و | ی | ے |
|---|---|---|---|---|
| ب | با | بو | بی | بے |

با ، چا ، وا ، سا ، کا ، تو ، خو ، رو ، کو ، تی ، چی ، دی ، فی ، بے ، دے ، سے ، کے۔

- بچّوں کے کام کی تصحیح ان ہی سے کروایئے آپ تختۂ تحریر پر دُرست الفاظ لکھیں بچّے دیکھ کر دُرست پر ✓ اور غلط پر ✗ کا نشان بنائیں۔

## پڑھیے لکھیے ............ (صفحہ ۱۱۰)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- ’ اے‘ کے چار حرفی الفاظ کے جملے پڑھ سکیں۔
- دیے گئے چار حرفی بے ترتیب الفاظ کو دُرست کر کے جملے لکھ سکیں۔
- دیا گیا کاپی کا کام کر سکیں۔



دا نے دانے

ڈالے۔ دانے نے امّی

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز (’ اے‘ کے چار حرفی الفاظ۔ مثلاً جالے ، دانے)
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۱۱۰

### پیریڈ : ۱

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔
- طلبہ و طالبات کے ہاتھوں میں دو حرفی ارکان دے کر کھڑا کیجیے اور الفاظ پڑھوایئے۔

تا لے تالے دا نے دانے

- بعد ازاں مزید بچّے کھڑے کیجیے اور جملہ پڑھوایئے۔

یہ دو تالے ہیں

- بے ترتیب کھڑا کیجیے اور طلبہ و طالبات سے پوچھ کر ترتیب دُرست کروایئے۔

ڈالے دانے نے امّی ← دُرستی امّی نے دانے ڈالے

- یہی کام میز پر کارڈز رکھ کر ، زمین (دری/قالین) پر بٹھا کر کروایئے۔ اس طرح طلبہ و طالبات دو حرفی ارکان سے الفاظ بنانا اور الفاظ سے

جملے بنانا سیکھیں گے۔

- چنبیلی صفحہ ۱۱۰ کا کام کروائیے۔
- کاپی میں دیے گئے جملے لکھوائیے۔

# پڑھیے لکھیے ............ (صفحہ ۱۱۱)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- دیے گئے چار حرفی بے ترتیب الفاظ کو دُرست کر کے جملے لکھ سکیں۔
- دیا گیا کاپی کا کام کر سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز 'وے' کے چار حرفی الفاظ۔ مثلاً بولے، طوطے
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۱۱۱
- کاپی


## تجویز کردہ معاون کتاب


- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈ : ۱


## طریقۂ کار

- طلبہ و طالبات کے ہاتھوں میں دو حرفی ارکان دے کر کھڑا کیجیے اور الفاظ پڑھوائیے۔




- بعد ازاں مزید بچّے کھڑے کیجیے اور جملے پڑھوائیے۔



- بے ترتیب کھڑا کیجیے پھر ترتیب دُرست کروائیے۔

دادا جان | ہیں | سوتے — دُرستی ← دادا جان | سوتے | ہیں


- یہی کام طلبہ و طالبات کو دری / قالین / زمین پر بٹھا کر کارڈز رکھ کر کروایا جا سکتا ہے۔ اس طرح میز پر بھی کارڈ رکھواکر دو حرفی سے چار حرفی اور چار حرفی سے جملے بنانے اور بنائے گئے جملے پڑھنے کا کام کروائیے۔
- چنبیلی صفحہ ۱۱۱ پر کام کروائیے۔
- (تجویز) کاپی میں کام کروائیے۔ مزید مشق اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۵۰ پر کروائیے۔

# نظم : زارا کی مانو............ (صفحہ ۱۱۲)

## مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- فلیش کارڈز اور صوتی طریقے سے پڑھائے گئے الفاظ کی مدد سے نظم خود پڑھ سکیں۔




## مددگار مواد

- چنبیلی صفحہ ۱۱۲
- کاپی

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- چنبیلی کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے کہیے کہ وہ خاموشی سے پڑھنے کی کوشش کریں۔ اس نظم کے تمام الفاظ بچّے پڑھ چکے ہیں۔
- پانچ منٹ کی خاموشی کے بعد ایک ایک مصرعہ ایک ایک بچّے سے پڑھوائیے، آپ خود پڑھ کر سُنائیے تاکہ جن بچّوں کو مشکل ہو رہی ہو وہ سُن کر سیکھ سکیں۔
- سوال پوچھیے کس کے پاس مانو ہے؟ کس کے پاس وہ روتی ہے؟ کس کی گود میں سوتی ہے؟
- یہ نظم کاپی میں خوش خط لکھوائیے اور تصویریں بھی بنوائیے۔

# لفظ بنایئے ........... (صفحہ ۱۱۳ تا ۱۱۴)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ
درج ذیل سکھائے گئے کاموں کی جانچ کا کام کرسکیں۔

- 'ے' کے دوحرفی الفاظ دیے گئے معمّے (گاڑی کے خاکے) میں پہچان کر رنگ بھر سکیں۔
- 'ا' کے دیے گئے دوحرفی ارکان کو 'ے' کے رکن سے ملا کر چارحرفی الفاظ بنا سکیں۔
- 'اے' اور 'وے' کے چارحرفی الفاظ کے حروف الگ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز، تختۂ تحریر، رنگین پنسلیں، چنبیلی صفحہ ۱۱۳ تا ۱۱۴

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار


- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔ 'اے' اور 'وے' کے چارحرفی الفاظ۔
- تمام کام الگ الگ تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھانے کے بعد مناسب وقت دے کر کروایئے۔
- یاد رکھیے کہ ایک وقت میں ایک کام ہی سمجھا کر کروایا جائے گا۔ مثلاً صفحہ ۱۱۳ کا پہلے اوپر دیا گیا گاڑی کے معمّے کا کام سمجھا کر کروایئے۔
- وقت ہونے کی صورت میں اسی دن ورنہ اگلے دن نچلے حصّے کا اور کاپی کا کام کروایئے۔
- اسی طرح صفحہ ۱۱۴ کا پہلا حصّہ سمجھانے کا کام کروا لیجیے۔ پھر دوسرے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کام بھی الگ سمجھا کر کروایئے۔

# پڑھیے اور ہندسے لکھیے ........... (صفحہ ۱۱۵)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- گنتی اور اس کی قدر پہچان سکیں۔
- ہندسے پڑھ اور لکھ سکیں۔




## مددگار مواد

- چنبیلی صفحہ ۱۱۵، کاپی

## تجویز کردہ معاون کتاب

- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- جماعت کی کچھ چیزیں استعمال کر کے اُردو گنتی ایک سے پانچ تک سکھائیے۔
- فلیش کارڈز کی پڑھائی کروائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ ۱۱۵ کروائیے۔ خیال رہے کہ طلبہ و طالبات نقاط پر پنسل دُرست پھیر رہے ہوں۔
- کاپی میں ۱۔ ۵ تک ہندسے الفاظ میں لکھوائیے۔ تصاویر بھی بنوائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۴۲ کروائیے۔

# مصوّتوں کی پہچان (جانچ) ............ (صفحہ ۱۱۶)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- سکھائے گئے چاروں مصوّتوں کے چار حرفی الفاظ میں مصوّتوں کی پہچان کر سکیں۔
- خالی جگہ میں دُرست لفظ چُن کر لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۱۱۶


## پیریڈز : ۱۔۲


## طریقۂ کار


- تختۂ تحریر پر صفحے کے اوپر کی جانب دیا گیا کام لکھ کر اور مثالیں دے کر سمجھا کر کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر صفحے کے نیچے دیا گیا کام لکھ کر اور ایک مثال دے کر سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کام الگ سمجھا کر کروائیے۔
- طلبہ و طالبات کی جانچ کے ان کاموں کے دوران آپ کو اندازہ ہو جائے گا کہ کن طلبہ و طالبات کو کن نظریات کی مزید مشق کی ضرورت ہے۔ اپنے پاس نوٹ کر لیجیے۔ وقت نکال کر اُنھیں الگ سے ان کے نام کی مشق کروائیے۔


مصوّتوں کے خاکوں کے نمونے :

دیے گئے خاکوں کے کٹ آؤٹس بنا لیجیے اور ان کے ساتھ حروف دلچسپ انداز میں ملاتے ہوئے استعمال کیجیے۔
ان کے پیچھے کی جانب ٹیپ سے پنسل یا کوئی چھوٹی چھڑی چپکانے سے یہ Props پُتلیوں کی طرح بھی استعمال کیے جاسکتے ہیں۔









الفاظ سازی کی پٹّیوں کے نمونے:

الفاظ سازی کے لیے یہ پٹّیاں استعمال کیجیے۔


- با
- جا ل
- دا
- لا

- پو
- رو تی
- سو
- مو

- تا
- جا لے
- کا
- نا


ایسے ورک کارڈز بنائیے۔ طلبہ و طالبات کے گروپ بنا کر الفاظ بنانے اور پڑھنے کی دلچسپ سرگرمیاں کروائیے۔ طلبہ و طالبات دی گئی خالی جگہوں میں دُرست الفاظ کے چھوٹے کارڈز رکھیں۔


جانا　　دانا　　گانا　　لانا




کہانی ''تین دوست'' کے کرداروں کے ماسک کے نمونے۔

دیے گئے ماسک فوٹو کاپی کرواکر/ ٹریس کرکے گتّے / کارڈ شیٹ پر چپکا لیجیے۔ باندھنے کے لیے ربن یا ربر بینڈ استعمال کیجیے۔ رنگ بھر لیجیے یا رنگین کارڈ شیٹ ہی پر بنائیے۔ طلبہ و طالبات کے رول پلے میں استعمال کیجیے۔








شرارتی حروف کی پُتلیوں کے نمونے :

شرارتی حروف کے لیے ایسی نوَ پُتلیاں ، پنسلیں یا چھوٹی چھڑیاں استعمال کر کے بنا لیجیے۔ ان پر شرارتی حروف لکھیے یا کٹ آؤٹس چپکا لیجیے۔ پہلی بار دلچسپ انداز میں تعارف کروایئے۔ یہی پُتلیاں چاروں مصوّتوں کے ساتھ ارکان اور الفاظ سازی میں شرارتی حروف کی یاد دہانی کے لیے استعمال کیجیے۔



گتّے کے تراشوں سے بنائے گئے الفاظ سازی اور پڑھائی کے لیے خاکوں کی تجاویز کے نمونے۔ کارڈ شیٹ کے دو دائرے اوپر نیچے رکھ کر درمیان سے ایسے جوڑیں کہ وہ آسانی سے گھمائے جا سکیں۔ اس کے لیے عام طور پر دستیاب چھوٹے دائرے (Eyelets) یا (Butterfly Clips) استعمال کیے جا سکتے ہیں۔











OXFORD
UNIVERSITY PRESS


دیے گئے خاکوں میں رنگ بھر کر گتوں پر چپکائیے۔ بچّوں کے گروپس بنا کر اُن سے یہ باری باری بورڈ پر چپکانے یا میز/دری پر رکھنے کی سرگرمی کروائیے۔ یہ سرگرمی اُن کی ترتیبی مہارت (Sequencing Skill) کی نشوونما کے لیے ہے۔













OXFORD
UNIVERSITY PRESS

**طلبہ و طالبات کے کام کے نمونے :**

طلبہ و طالبات کو تصاویر بنانے کا موقع دیجیے ، یہ ان کے تحریری اظہار Creative Writing کی شروعات ہے۔

